ظالموں کیخلاف مظلوموں کی آواز روزنامہ عوامی دنیا

DAILY AWAMI DUNIYA GUJRANWALA

سرپرست چوہدری سمیع اللہ رہاڑ

ABC کیطرف گامزن

چیف ایڈیٹر چوہدری محمد عثمان سندھو

روزنامہ عوامی دنیا گوجرانوالہ پاکستان

چیف ایگزیکٹو سید صادق علی شاہ

لیگل ایڈوائزر میاں فیصل شہزاد ایڈووکیٹ

ایڈیٹر چوہدری عابد سعید گل

جلد نمبر 32، شمارہ نمبر 224 | سوموار 20 شعبان المعظم، 1447ھ، 9 فروری 2026ء، 27 ماگھ، 2081ب، صفحات 4، قیمت 10 روپے

معاشرتی ہم آہنگی کو نقصان پہنچانے کی ہر کوشش ناکام بنائیں گے کمشنر

شہریوں کے جان و مال کا تحفظ ریاست کی اولین ذمہ داری ہے اور اس مقصد کیلئے تمام ادارے یکجا ہو کر موثر حکمت عملی کے تحت کام کر رہے ہیں، ایسے افسوسناک واقعات معاشرتی ہم آہنگی کو نقصان پہنچانے کی کوشش ہوتے ہیں

مذہبی ہم آہنگی اور برداشت کا فروغ ہی پائیدار امن کی ضمانت ہے اور کسی کو بھی فرقہ وارانہ نفرت پھیلانے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ اجلاس میں انتظامیہ، پولیس اور دیگر متعلقہ محکموں کے نمائندگان نے شرکت کی جہاں سکیورٹی اقدامات کا جائزہ لیا گیا اور آئندہ کے لائحہ عمل پر تفصیلی غور کیا گیا

گوجرانوالہ (سٹاف رپورٹر) کمشنر سید نوید حیدر شیرازی اور آر پی او خرم شہزاد حیدر نے اسلام آباد ترلائی امام بارگاہ خدیجۃ الکبریٰ میں ہونے والے دھماکے کے بعد امن وامان کی صورتحال کو برقرار رکھنے کے حوالے سے منعقدہ اہم اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ شہریوں کے جان و مال کا تحفظ ریاست کی اولین ذمہ داری ہے اور اس مقصد کیلئے تمام ادارے یکجا ہو کر موثر حکمت عملی کے تحت کام کر رہے ہیں انہوں نے کہا کہ ایسے افسوسناک واقعات معاشرتی ہم آہنگی کو نقصان پہنچانے کی کوشش ہوتے ہیں، مگر قوم کی یکجہتی اور اداروں کی مستعدی ان عزائم کو ناکام بنا دے گی۔ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 1)

اسلام آباد میں ہونے والے دھماکے کی شدید مذمت

اسلام آباد میں ہونیوالے دل دہلا دینے والے دھماکے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہیں: سردار چاند ڈوگر

صفدرآباد (محمد اکبر شاہ) چیئرمین سردار چاند ڈوگر نے کہا کہ ایسے سنگین واقعات ہماری معاشرتی امن کو پارہ پارہ کر دیتے ہیں اور معصوم انسانی زندگیوں کو خطرے میں ڈالتے ہیں۔ سردار چاند ڈوگر نے اپنے بیان میں کہا، "یہ ایک انتہائی افسوسناک اور (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 4)

بنگلا دیش کرکٹ بورڈ کے صدر امین الاسلام پاکستان پہنچ گئے

لاہور (نیوز ڈیسک) بنگلا دیش کرکٹ بورڈ (بی سی بی) کے صدر امین الاسلام پاکستان پہنچ گئے۔ پی سی بی کا کہنا ہے کہ صدر بنگلا دیش کرکٹ بورڈ امین الاسلام لاہور پہنچے ہیں، ایئرپورٹ پر چیف ایگزیکٹو آفیسر سلمان نصیر نے صدر بی سی بی کا استقبال کیا۔ اس موقع پر سلمان نصیر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 3)

چونیاں اراضی ریکارڈ سنٹر میں مبینہ کرپشن

زمیندار خوار پرائیویٹ ایجنٹوں اور کمیشن مافیا کا راج، جائز کام بھی رشوت سے مشروط اعلیٰ حکام نوٹس لیں

چونیاں (نواب یاور حسین اسدی) چونیاں اراضی ریکارڈ سنٹر میں مبینہ کرپشن، زمیندار خوار پرائیویٹ ایجنٹوں اور کمیشن مافیا کا راج، جائز کام بھی رشوت سے مشروط اعلیٰ حکام نوٹس لیں تفصیلات کے مطابق اراضی ریکارڈ سنٹر میں آنے والے زمیندار اور سائلین شدید پریشانی کا شکار ہیں۔ سائلین کا کہنا ہے کہ سنٹر میں تعینات بعض ملازمین نے پرائیویٹ افراد کو غیر اعلانیہ طور پر بٹھا رکھا ہے جو مختلف مراحل میں فیس کے نام پر لوٹ مار کر رہے ہیں۔ رجسٹری، فرد، انتقال اور دیگر قانونی امور کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 2)

پاکستان سنی تحریک کے صوبائی صدر شمالی پنجاب محمد زاہد حبیب قادری کے کلاس فیلو میاں محمد اختر کی والدہ ماجدہ رضائے الٰہی سے انتقال کر گئیں

گوجرانوالہ (سٹاف رپورٹر) پاکستان سنی تحریک کے صوبائی صدر شمالی پنجاب محمد زاہد حبیب قادری کے کلاس فیلو میاں محمد اختر کی والدہ ماجدہ رضائے الٰہی سے انتقال کر گئیں۔ مرحومہ کی نماز جنازہ میں محمد زاہد حبیب قادری نے شرکت کی اور اہل خانہ سے تعزیت کا اظہار کیا۔ اس موقع پر محمد زاہد حبیب قادری نے کہا کہ دنیا میں ماں کا کوئی نعم البدل نہیں ہو سکتا، ماں کے قدموں تلے جنت ہے اور والدین کی خدمت درجات کی بلندی کا سبب بنتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ کسی بھی معاشرے میں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 5)

سیف بسنت کا تصور دوسرے شہروں میں بھی اپنایا جائیگا نواز مریم

بسنت توسیع لاہور کے عوام کے لیے انعام ہے جنہوں نے بسنت کو بھرپور نظم و ضبط کے ساتھ منایا اور تمام حفاظتی ایس او پیز کی ذمہ داری سے پابندی کی

براہِ کرم جشن محفوظ انداز میں جاری رکھیں، بجلی کے تاروں سے دور رہیں، اپنی چھتوں کو محفوظ بنائیں، اور تمام ہدایات پر عمل کریں، چھتوں پر ایس او پیز کے مطابق محفوظ بسنت منائی گئی، دھاتی تار استعمال نہ ہونے کی وجہ سے ٹرانسفارمر بھی محفوظ رہے

لاہور (نیوز ڈیسک) وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے پنجاب اور پورے پاکستان میں بسنت کی شاندار تقاریب، جشن، اتحاد اور خوشیوں کو دیکھتے ہوئے بسنت کی تقاریب کا وقت صبح پانچ بجے تک بڑھا دیا تھا۔ پنجاب کی وزیراعلیٰ مریم نواز نے ایکس پر لکھا ہے کہ یہ توسیع لاہور کے عوام کے لیے انعام ہے جنہوں نے بسنت کو بھرپور نظم وضبط کے ساتھ منایا اور تمام حفاظتی ایس او پیز کی ذمہ داری سے پابندی کی۔ انہوں نے کہا کہ براہِ کرم جشن محفوظ انداز میں جاری رکھیں، بجلی کے تاروں سے دور رہیں، اپنی چھتوں کو محفوظ بنائیں، اور تمام ہدایات پر عمل کریں، اس تاریخی بسنت کو سب کے لیے خوشگوار، محفوظ اور یادگار بنائیں۔ قبل ازیں وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز نے بسنت پر حفاظتی ایس او پیز پر عمل کرنے پر اہل لاہور کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ خوشی ہے کہ لاہور والوں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 6)

سینئر صحافی بلال غوری کو کراچی ایئرپورٹ پر حراست میں لے لیا گیا

کراچی (نیوز ڈیسک) سینئر صحافی کالم نویس اور اینکر بلال غوری کو کراچی ایئرپورٹ پر حراست میں لے لیا گیا۔ ان کا موبائل فون اور دیگر سامان بھی تحویل میں لے لیا گیا۔ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 9)

اسلام آباد میں امام بارگاہ پر خودکش دھماکہ، یونائیٹڈ میڈیا کونسل (رجسٹرڈ) آل پاکستان شیخوپورہ کے چیئرمین وگروپ لیڈر اسلام آباد محمد اقبال تبسم کی شدید مذمت

شیخوپورہ (سید طیب شاہ گیلانی) اسلام آباد میں امام بارگاہ پر خودکش دھماکہ، یونائیٹڈ میڈیا کونسل) رجسٹرڈ (آل پاکستان شیخوپورہ کے چیئرمین وگروپ لیڈر اسلام آباد محمد اقبال تبسم کی شدید مذمت۔ انہوں نے اسلام آباد میں امام بارگاہ میں پیش آنے والا افسوسناک خودکش بم دھماکے کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے۔ انہوں نے اس سانحے میں شہید ہونے والے معصوم افراد کے لواحقین سے دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے زخمیوں کی جلد صحتیا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 8)

بیسٹ لرننگ سائنس اسکول کا شاندار سالانہ رزلٹ، طلبہ نے پوزیشنیں حاصل کر کے ادارے کا نام روشن کر دیا

شاندار نتائج پر والدین، اساتذہ اور طلبہ میں خوشی کی لہر دوڑ گئی

گوجرانوالہ (ایجوکیشن رپورٹر) بیسٹ لرننگ سائنس اسکول میں سالانہ امتحانی نتائج کی شاندار تقریب کا انعقاد کیا گیا، جس میں طلبہ نے غیر معمولی کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے نمایاں پوزیشنیں حاصل کیں۔ شاندار نتائج پر والدین، اساتذہ اور طلبہ میں خوشی کی لہر دوڑ گئی۔ تقریب کے مہمانِ خصوصی ممتاز ماہرِ تعلیم پروفیسر ڈاکٹر فیض اکبر اور صدر پاکستان کالمسٹ ایسوسی ایشن گوجرانوالہ، چودھری سجاد مشتاق مہر تھے۔ مہمانانِ خصوصی نے پوزیشن ہولڈر طلبہ میں انعامات تقسیم کیے اور (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 10)

صحت مند پڑھے لکھے معاشرے کی بنیاد متوازن خاندان میں پوشیدہ

ڈسٹرکٹ پاپولیشن ویلفیئر آفس کے زیر اہتمام پنجاب فیملی پلاننگ پروگرام کے حوالے سے کیتھولک چرچ گراؤنڈ فرانسس آباد میں 1 روزہ ایجوکیشنل فیملی پلاننگ میلہ کا انعقاد کیا گیا

گوجرانوالہ (سٹاف رپورٹر) ڈسٹرکٹ پاپولیشن ویلفیئر آفس کے زیر اہتمام پنجاب فیملی پلاننگ پروگرام کے حوالے سے کیتھولک چرچ گراؤنڈ فرانسس آباد میں 1 روزہ ایجوکیشنل فیملی پلاننگ میلہ کا انعقاد کیا گیا جس کی صدارت فادر شکیل عنایت نے کی۔ میلہ میں محمد افضل چوہدری ڈپٹی ڈائریکٹر اور سلمان الرشید اسسٹنٹ ڈائریکٹر نے بطور خاص لاہور سے ٹیملیز نے اپنے بچوں سمیت کثیر تعداد میں شرکت کی اس موقع پر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 7)

گجرات چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹریز قائمہ کمیٹی کے چیئرمین اور پاکستان کٹلری ایسوسی ایشن وزیرآباد کے کنوینر محمد بلال سعد نے وزیرآباد پریس کلب کے نومنتخب عہدیداران کو مبارکباد پیش کی

وزیرآباد (محمد شبیر) گجرات چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹریز قائمہ کمیٹی کے چیئرمین اور پاکستان کٹلری ایسوسی ایشن وزیرآباد کے کنوینر محمد بلال سعد نے وزیرآباد پریس (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 24)

شاہدرہ کا ریکارڈ یافتہ منشیات فروش اکبر کھل نائیک بے لگام

سرعام یونیورسٹی، کالجوں اور گلی محلوں میں آئس اور چرس کی سپلائی کرنے لگا

بہاول پور (ٹیپو سلطان گورایا) شاہدرہ کا ریکارڈ یافتہ منشیات فروش اکبر کھل نائیک بے لگام سرعام یونیورسٹی، کالجوں اور گلی محلوں میں آئس اور چرس کی سپلائی کرنے لگا اہل علاقہ کو تک بے حد پریشانا کبر کھل نائیک کو پکڑنا مشکل ہی نہیں ناممکن بن گیا اکبر کھل نائیک کے سہولت کاروں کی پولیس میں بھی گرفت مضبوط عوامی وسماجی حلقوں نے ڈی پی او بہاول پور رانا عبدالوہاب سی سی ڈی پولیس کے سربراہ چوہدری شفقت ندیم عطا سے اکبر کھل نائیک کی فوری طور پر گرفتاری کا مطالبہ کر دیا

☆☆☆

اسلام آباد میں امام بارگاہ پر خودکش دھماکہ، یونائیٹڈ میڈیا کونسل (رجسٹرڈ) آل پاکستان شیخوپورہ کے چیئرمین وگروپ لیڈر اسلام آباد محمد اقبال تبسم کی شدید مذمت

شیخوپورہ (سید طیب شاہ گیلانی) اسلام آباد میں امام بارگاہ پر خودکش دھماکہ، یونائیٹڈ میڈیا کونسل) رجسٹرڈ (آل پاکستان شیخوپورہ کے چیئرمین وگروپ لیڈر اسلام آباد محمد اقبال تبسم کی شدید مذمت۔ انہوں نے اسلام آباد میں امام بارگاہ میں پیش آنے والا افسوسناک خودکش بم دھماکے کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے۔ انہوں نے اس سانحے میں شہید ہونے والے معصوم افراد کے لواحقین سے دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے زخمیوں کی جلد صحتیا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 8)

مین بازار میں بیوٹیفکیشن کے سلسلے میں جاری ترقیاتی کام دوکان داروں اور شہریوں کے لیے ذہنی اذیت بن گیا

خواتین بزرگ شہریوں اور بچوں کے لیے مشکلات کا باعث بننے لگا

وزیرآباد (محمد شبیر) مین بازار میں بیوٹیفکیشن کے سلسلے میں جاری ترقیاتی کام دوکان داروں اور شہریوں کے لیے ذہنی اذیت بن گیا مین بازار میں جگہ جگہ مٹی ریت بجری ٹوٹی اینٹیں سیمنٹ اور کھڑا کے ڈھیر لگنے کی وجہ سے خواتین بزرگ شہریوں اور بچوں کے لیے مشکلات کا باعث بننے لگا۔ بیوٹیفکیشن کے سلسلہ میں مین بازار کے دونوں جانب فٹ پاتھ نالہ کی تعمیر میں استعمال ہونے وا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 12)

کشمیری عوام کے دل پاکستان کے ساتھ دھڑکتے ہیں، چوہدری خالد محمود

ہندوستانی فوج کا کشمیری عوام پر ظلمت ستم اور جبر کرتے ہوئے لیکن یہ پھر بھی کشمیری عوام کی زبان سے نکلا ہوا

ٹیکسلا (نمائندہ خصوصی) سیاسی سماجی شخصیت چوہدری خالد محمود نے یوم کشمیر کے موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ کشمیری عوام کے دل پاکستان کے ساتھ دھڑکتے ہیں اور کشمیر پاکستان کی شہ رگ ہے اج کہیں سال گزر گئے ہندوستانی فوج کا کشمیری عوام پر ظلمت ستم اور جبر کرتے ہوئے لیکن یہ پھر بھی کشمیری عوام کی زبان سے نکلا ہوا ازادی حق کی آواز کو نہیں دبا سکا آج پوری دنیا کشمیر عوام کے ساتھ اظہار یکجہتی منا رہی ہے پانچ فروری وہ دن ہے جب (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 11)

متعلقہ اداروں کی ڈھیل فتح جنگ، پنڈی گھیب اور اٹک کی دیگر تحصیلوں میں عمرہ کے نام پر غیر رجسٹرڈ اور غیر لائسنس یافتہ ایجنٹس کی سرگرمیاں تشویشناک حد تک بڑھ چکی ہیں

فتح جنگ (بیورو رپورٹ) متعلقہ اداروں کی ڈھیل فتح جنگ، پنڈی گھیب اور اٹک کی دیگر تحصیلوں میں عمرہ کے نام پر غیر رجسٹرڈ اور غیر لائسنس یافتہ ایجنٹس کی سرگرمیاں تشویشناک حد تک بڑھ چکی ہیں۔ نوسر باز عمرہ جیسی اہم دینی عبادت کے نام پر دھڑلے سے لوٹ مار کر رہے ہیں پیکیج میں بتائی گئی سہولیات دی جاتی ہیں نہ ہی اچھا کھانا مہیا کیا جاتا ہے رمضان المبارک کیلئے عمرہ کی بکنگ کے نام پر پیسے بٹورنے کا سلسلہ جاری ہے سادہ لوح زائرین سے میڈیکل، بڑا اور چھوٹا عمرہ، خصوصی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 47)

نواحی علاقہ گھکا میتر میں نکاسی آب کا مسئلہ حل نہ ہو سکا

علاقہ مکین اپنی مدد آپ کے تحت علاقہ کے مسائل حل کرنے کی کوشش میں مصروف عمل

وزیرآباد (محمد شبیر) نواحی علاقہ گھکا میتر میں نکاسی آب کا مسئلہ حل نہ ہو سکا علاقہ مکین اپنی مدد آپ کے تحت علاقہ کے مسائل حل کرنے کی کوشش میں مصروف عمل ان خیالات کا اظہار سابق چیئرمین یونین کونسل گھکا میتر میاں محمد اقبال اور چوہدری فیروز نے میڈیا نمائندگان سے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ عرصہ دراز سے نکاسی آب کا مسئلہ حل نہ ہو سکنے کی وجہ سے اپنی مدد آپ کے متبادل جگہ پر مسئلہ حل کیا جائے گا انہوں نے کہا کہ گھکا میتر ویلفیئر سوسائٹی رفاعی اور فلاحی کاموں میں مصروف عمل ہے اس سے پہلے بھی علاقہ مکینوں کو صحت کی سہولیات کو مدنظر رکھتے ہوئے الشفا ویلفیئر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 23)

امریکا نے پاکستان سے متعلق نیا سکیورٹی الرٹ جاری کر دیا

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں تباہ کن خودکش دھماکے کے بعد امریکا نے پاکستان سے متعلق نیا سکیورٹی الرٹ جاری کر دیا۔ امریکی محکمہ خارجہ نے اسلام آباد خودکش حملے کے بعد سکیورٹی ایڈوائزری جاری کرتے ہوئے پاکستان میں سفر کرنے والے ا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 13)

تھانہ سول لائن چوکی شاہدرہ کی حدود میں منشیات فروشوں کا مکمل راج

کوثر کالونی کا رہائشی سابقہ ریکارڈ یافتہ ابرار شاہ منشیات فروش سرعام آئس اور چرس کی سپلائی کرنے لگا

بہاول پور (ٹیپو سلطان گورایا) تھانہ سول لائن چوکی شاہدرہ کی حدود میں منشیات فروشوں کا مکمل راج کوثر کالونی کا رہائشی سابقہ ریکارڈ یافتہ ابرار شاہ منشیات فروش سرعام آئس اور چرس کی سپلائی کرنے لگا اہل علاقہ پریشان نوجوان بچے اور بچیاں نشے کے عادی بننے لگے و (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 22)

قوم دہشتگردی کے خاتمے کیلئے متحد ہو جائے مسلم لیگ ن

دہشت گرد عناصر کسی بھی صورت اپنے مذموم مقاصد میں کامیاب نہیں ہو سکتے، محمود بشیر ورک، شازیہ فرید، حاجی مدثر قیوم ناہرا، چوہدری اقبال گجر، پیر غلام فرید، حاجی عبدالرف مغل، توفیق بٹ، عمران خالد بٹ، معظم رف مغل، جمشید ایوب بٹ

گوجرانوالہ (سٹاف رپورٹر) مسلم لیگ ن کے ایم این ایز چوہدری محمود بشیر ورک، شازیہ فرید، سابق ایم این اے حاجی مدثر قیوم ناہرا، سابق صوبائی وزیر چوہدری اقبال گجر، سابق ایم پی ایز پیر غلام فرید، حاجی عبدالرف مغل، توفیق بٹ، ایم پی اے عمران خالد بٹ، سٹی نائب صدور معظم رف مغل اور جمشید ایوب بٹ نے اسلام آباد میں دہشت گردی واقعے کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ دہشت گرد عناصر کسی بھی صورت اپنے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 14)

سرگودھا شہر میں کامیاب پروگرام پر ہم اپنے بھائی قاری عبدالصمد اور مولانا محمد مکی کو مبارکباد پیش کرتے ہیں، مولانا حافظ محمد نذیر احمد

جتوئی (ملک مختیار چنڈیر) سرگودھا شہر میں کامیاب پروگرام پر ہم اپنے بھائی قاری عبدالصمد اور مولانا محمد مکی کو مبارکباد پیش کرتے ہیں 6 فروری بروز جمع المبارک سرگودھا شہر میں قاری عبدالصمد صاحب کے مدرسہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ والہ وسلم محلہ چونا بھٹیاں نزد لاری اڈا سرگودھا میں کامیاب پروگرام ہوا جس میں خصوصی خطاب خطیب پاکستان مولانا عبدالاحد حمادی صاحب کا ہوا اور اختتامی دعا والد محترم مولانا حافظ محمد نذیر احمد صاحب نے کراہ اور 4 طلبا کرام کی دستار (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 16)

ساہیوال، برساتی نالے سے خاتون کی بوری بند لاش برآمد

ساہیوال (نیوز ڈیسک) ساہیوال کے نواحی علاقے 71 فور آر کے قریب برساتی نالے سے خاتون کی بوری بند لاش برآمد ہوئی ہے۔ تھانہ نور شاہ پولیس نے نامعلوم ملزموں کے خلاف مقدمہ درج کر کے تفتیش شروع کر دی۔ ایف آئی آر کے مطابق خاتون کا چہرہ مسخ، لاش کے ٹکڑے اور بری طرح تشدد کر کے قتل کیا گیا۔ پولیس کی جانب سے آس پاس کے علاقوں میں بھی پتہ کروایا گیا لیکن خاتون کی شناخت نہیں ہو سکی۔

بہاول پور، ویلڈن سی سی ڈی پولیس

سی سی ڈی فورس کی منشیات فروشوں، چوروں اور ڈکیتوں کے خلاف تابڑ توڑ کاروائیاں جاری

بہاول پور (ٹیپو سلطان گورایا) ویلڈن سی سی ڈی پولیس بہاول پور بہاول پور سی سی ڈی پولیس کے سربراہ چوہدری شفقت ندیم عطا، ڈی او عرفان اکبر خان اور انچارج سٹی سرکل انسپکٹر فرحان حسین کی سربراہی میں ٹیم سی سی ڈی فورس کی منشیات فروشوں، چوروں اور ڈکیتوں کے خلاف تابڑ توڑ کاروائیاں جاری* بہاول پور ارشد ٹان کا عادی پیشہ ور منشیات فروش احسن عرف ارسلان شاہ مبینہ پولیس مقابلے کے دوران زخمی حالت میں گرفتار منشیات فروش کے قبضے سے بھاری منشیات کرسٹل آئس برامد کی بہاول پور کے عوامی وسماجی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 15)

مقامی قیادت کی عدم دلچسپی پہیہ جام ہڑتال کی کال مسترد

معمولات زندگی رواں دواں رہے

بانی پی ٹی آئی عمران خان کی جانب سے ہڑتال کی کال فلاپ ثابت، پی ٹی آئی کے تین ارکان صوبائی اسمبلی سمیت دیگر عہدیدار نے لاتعلقی کا اظہار کر دیا

احتجاجی مظاہرین سے نپٹنے کیلئے قانون نافذ کرنیوالے ادارے ہائی الرٹ رہے شکست خوردہ ٹکٹ ہولڈر، رہنماؤں کے جذباتی بیانات سوشل میڈیا تک محدود

گوجرانوالہ (نمائندہ خصوصی) پی ٹی آئی بانی کی احتجاجی کال کو تاجروں سمیت پی ٹی آئی کی ٹکٹ پر منتخب ہونے والے ارکان صوبائی اسمبلی نے مسترد کر دی قانون نافذ کرنے والے اداروں کی جانب سے کئے گئے انتظامات دھرے کے دھرے رہ گئے تفصیل کے مطابق بانی پی ٹی آئی عمران خان کی جانب سے ہڑتال کی کال بری (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 17)

بھرتھ خاندان کا یہ چشم و چراغ نہ صرف اپنے والد کا بہترین جانشین ثابت ہوا

بلکہ عاجزی، شرافت، صداقت اور وفاداری کی ایک علامت بنا

سرگودھا (راجہ فیاض) بھرتھ خاندان کا یہ چشم و چراغ نہ صرف اپنے والد کا بہترین جانشین ثابت ہوا بلکہ عاجزی، شرافت، صداقت اور وفاداری کی ایک علامت بنا، دو سالہ حکومتی ذمہ داری کے بعد دونوں بھائیوں نے لک موڑ ماڑی سے لے کر ملکوال (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 18)

سابق فرسٹ کلاس اور ٹیسٹ کرکٹر ذاکر بٹ انتقال کر گئے

لاہور (نیوز ڈیسک) سابق فرسٹ کلاس اور ٹیسٹ کرکٹر ذاکر بٹ انتقال کر گئے۔ سابق فرسٹ کلاس اور ٹیسٹ کرکٹر ذاکر بٹ گزشتہ کچھ عرصے سے علیل تھے اور مقامی ہسپتال میں زیر علاج تھے۔ کرکٹ حلقوں میں ذاکر بٹ کے انتقال پر گہرے رنج اور غم کا اظہار کیا جا رہا ہے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 20)

بے گناہوں کا خون بہانے والے درندے کسی رعایت کے مستحق نہیں

بیرونی دشمن کو ہر محاذ پر پاکستان سے عبرتناک شکست کا سامنا ہے، عامر نصیر راجپوت



شیخوپورہ (سید طیب شاہ گیلانی) پاکستان پریس کلب رجسٹرڈ اسلام آباد، نشنل یونین آف جرنلسٹ پاکستان شیخوپورہ کے مرکزی سینئر نائب صدر، عامر نصیر راجپوت، نے کہا ہے، ترلائی میں 12 بے گناہ نمازیوں کی شہادت پر شدید غم و غصے کا اظہار کرتے ہوئے ان حملوں کو انسانیت اور دین اسلام پر حملہ قرار دیا ہے۔ اپنے خصوصی بیان میں دہشت گردوں کے خلاف سخت موقف اپناتے ہوئے کہا کہ پاکستانی حدود میں بے گناہوں کا خون بہانے والے یہ درندے کسی رعایت کے مستحق نہیں ہیں۔ یہ وہ کرائے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 19)

قوم کی ترقی اتفاق اتحاد سے ہے، گورنر پنجاب

بہت جلد جنوبی علی پور کی عوام کی محرومیوں کا ازالہ کرونگا

جتوئی (ملک مختیار چنڈیر) قوم کی ترقی اتفاق اتحاد سے ہے۔ گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان مغل بہت جلد جنوبی علی پور کی عوام کی محرومیوں کا ازالہ کرونگا۔ تفصیل کے مطابق مغل برادری کا وفد۔ زیر سرپرستی حکیم حاجی صغیر احمد مغل۔ گورنر ہاس پہنچا۔ جس میں آزاد کشمیر ۔ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 21)

سرپرست چوہدری سمیع اللہ رباز
ABC گوجرانوالہ
چیف ایڈیٹر چوہدری محمد عثمان سندھو
روزنامہ عوامی دنیا گوجرانوالہ پاکستان
چیف ایڈیٹر سید صادق علی شاہ
ایگزیکٹو ایڈیٹر میاں فیصل شہزاد ایڈووکیٹ
ایڈیٹر چوہدری عابد سیعد گل

گرین لینڈ: انسانی بربادیوں کا توڑ

انسانی حرص وہوس اور بے لگام تجارت نے عالمی ماحولیات اور بقا کو شدید خطرات سے دوچار کر دیا ہے۔ یہ نظامِ قدرت کا بھی خاصہ ہے کہ ایسی تباہ کن سرگرمیوں کے مقابل انسانوں میں سے اصلاح کار لوگوں کو آگے لے آتا ہے۔ جو ارضی نظام کے بگاڑ کے آگے دیوار بن جاتے ہیں۔ خدانخواستہ انسانی کاوشیں برائے اصلاح ناکام ہوتی نظر آئیں تو خالق اپنے چھپے خزانوں سے مخلوقات کو متبادل قدرتی وسائل اور نظام عطا کر دیتا ہے۔ بالکل اس ماں کی طرح جو شریر بچوں کے ہاتھوں کھانے یا کھلونے کی بربادی کے پیش نظر متبادل پیش کر دیتی ہیاور خالق کی اپنی مخلوق کیساتھ حتمی محبت تو ہزار ماوں سے بھی فزوں تر ہے۔ انسانوں کے ہاتھوں بے تحاشا زمینی ایندھن یعنی کوئلہ، تیل اور گیس کے استعمال کی وجہ سے عالمی حدت اور گلوبل وارمنگ نے مخلوق کو مضمحل کر دیا ہے۔ لیکن خرابی بسیار کے باوجود گرین لینڈ کے خفیہ وسائل رحمت ثابت ہو سکتے ہیں اور عالمی گلیشیرز کے پگھلنے سے جن ماحولیاتی تباہ کاریوں کی شروعات نظر آ رہی ہیں۔ گلیشیرز کے پگھلنے کے اس عمل سے Blessing in disguise کی صورت میں گرین لینڈ کے چھپے ہوئے وسائل آشکار ہو رہے ہیں۔ انسانی عقل ودانش اجتماعی مفادات پر مرتکز ہوگی تو گرین لینڈ پوری ارضی مخلوق کے لئے رحمت ثابت ہو سکتا ہے۔ دنیا کے دوسرے حصوں میں گلوبل وارمنگ کی وجہ سے پگھلتی برفیں اگرچہ ماحولیات پر منفی اثرات ڈال رہی ہیں۔ لیکن گلیشیر پگھلنے کا یہی عمل گرین لینڈ میں چھپی ماحول دوست دھاتوں کو انسانوں کیلئے سطح دہن پر نمودار کر رہا ہے۔ جوں جوں ماحول دوست توانائی کا شعور بیدار ہو رہا ہیتوں توں زیر گلیشیرز نایاب دھاتیں یعنی نیوڈی میم، ڈائی پروزیم اور پریزوڈیمیم وغیرہ دریافت ہو رہی ہیں۔ یہی وہ دھاتیں ہیں جن کے استعمال سے برقی موٹر کاریں ہوائی ٹربائین اور مہنگے دفاعی ہتھیار کے استعمال میں بے تحاشا فوائد ہیں۔ جب سے اقوامِ عالم نے ڈالر وابستگی سے بیزاری کا اظہار شروع کیا ہے۔ علاقائی تجارت اور معیشتیں غیر یقینی حالات سے دوچار ہوگئی ہیں۔ چنانچہ اکثر ممالک نے اپنے محفوظ اثاثہ جات اور تجارتی لین دین کو زمینی دھاتوں سونا، چاندی وغیرہ کی شکل میں بطور متبادل کرنسی استعمال شروع کر دیا ہے۔ چین کی اس قائدانہ حکمت عملی کے توڑ کیلئے امریکہ اور مغربی اقوام گرین لینڈ کی خفیہ دھاتوں کو عالمی مقابلے کیلئے پیش کرنے کا پروگرام بنا رہی ہیں۔ گرین لینڈ میں نایاب اور بنیادی دھاتوں کی بہتات کے ساتھ زنک، کاپر، گریفائٹ اور یورینیم کے خفیہ خزانے بھی آشکار ہو رہے ہیں۔ گلیشیرز کے تیزی سے پگھلنے کے بعد گرین لینڈ اور براعظم انٹارکٹیکا میں نئے نئے بحری روٹوں کی دریافت تجارتوں کو آسان کرنے کے قریب ہے چنانچہ شمال بحری راستے اور شمال مغربی آبی درے جو سال کے بیش تر ایام انجماد کا شکار رہتے ہیں گلوبل وارمنگ نے وہاں تجارتی اوقات میں بے حد اضافہ کر دیا ہے۔ یوں یہ بحری تجارتی سفر پوری دنیا کی تجارت کا عرصہ سفر کم از کم 20 روز تک کم کر رہا ہے۔ یوں نقل وحمل کے اخراجات میں قابل ذکر کمی ہو رہی ہے۔ جھینگا مچھلی (Shrimps) بیلی بٹ اور کاڈ کی افزائش کھلے ٹھنڈے پانیوں میں کثرت سے ہوتی ہے۔ جس کی وجہ سے یورپ، امریکہ اور ایشیائی ممالک میں اس کی برآمد بڑھ گئی ہے۔ تیزی سے پگھلتے گلیشیرز کے اثرات پر تحقیقات نے حیرت ناک انکشافات کئے ہیں۔ چنانچہ سائنسدان اس بات پر متفق ہیں کہ برف پگھلنے کے بعد اس کی تہہ میں موجود Rock Flour یعنی برفانی راکھ کی مدد سے کرہ ارض پر موجود کاربن ڈائی آکسائیڈ کا خاتمہ کیا جا سکتا ہے۔ گلوبل وارمنگ کے زیر اثر گرین لینڈ پر برف پگھلنے کے عمل نے نئے دریاؤں کی صورت میں آبی بہاؤ میں اضافہ کر دیا ہے۔ اس سے آبی توانائی اور ماحول دوست بجلی پیدا کرنے کے امکانات پر منصوبہ بندی شروع ہوگئی ہے۔ جو معدنیاتی تیل اور کوئلہ وغیرہ کے استعمال کو کم کرنے میں مدد دے گی۔ شدت موسم میں کمی کی وجہ سے گرین لینڈ میں سیاحوں کی آمد میں خاطر خواہ اضافہ ہو گیا ہے۔ مقامی سیاستدانوں کو یقین ہے کہ جوں جوں سیاحتی سرگرمیوں کو فروغ ملے گا توں توں وہ ڈینش دولت مشترکہ سے آزادی کا باعث بھی بن سکتا ہے۔ 2010 کے بعد چین کی جانب سے اس خطے میں سرمایہ کاری نے پوری عالمی طاقتوں کو اس خطے کی جانب راغب کر دیا ہے۔ بالخصوص امریکی صدر کے حالیہ بیانات نے یہاں کی تجارتی سرگرمیوں میں ایک تناؤ پیدا کر دیا ہے۔ چین کی بیرونی عدم مداخلت کی پالیسی نے جہاں پوری دنیا کی تجارت کو متاثر کیا ہے اور عالمی اقوام تجارتی محاذ پر اسے ستائش کی نظروں سے دیکھتی ہیں اس پالیسی کی وجہ سے اس خطے میں بھی چین کے تجارتی اثرات بڑھ رہے ہیں۔ صدر ٹرمپ کی جانب سے گرین لینڈ پر تازہ ترین موقف نے کئی خدشات کو جنم دیدیا ہے۔ وہ کثیر خطہ ارض جو عالمی حدت اور ماحولیاتی بدحالیوں کے اثرات کم کرنے کے لئے خدائی مدد کا ذریعہ بن رہا ہے۔ جہاں سے کم وقت اور سستی تجارتی راہداریوں کے امکانات پیدا ہو رہے ہیں۔ کہیں عالمی طاقتوں کی پنجہ آزمائی کا مرکز نہ بن جائے۔

بی ایل اے، ہیروف ٹو اور قومی یکجہتی میں سیاسی مذاکرات کی حدود

میڈیا آئی
عبدالباسط علوی
abdulbasitalvi@gmail.com

بلوچستان لبریشن آرمی کا پیچیدہ اور گہرا جڑا ہوا منظر جس طرح پاکستان کے جغرافیائی، سیاسی اور سماجی وتاریخی ڈھانچے میں ظاہر اور تیار ہوا ہے، وہ محض ایک عارضی سیکیورٹی تشویش نہیں بلکہ ایک گہرا، ہمہ جہت اور مسلسل بڑھتا ہوا چیلنج ہے جو ریاست کے اندرونی اتحاد اور طاقت کے جائز استعمال پر اس کی اجارہ داری اور اس کے علاقائی رقبے پر اس طرح حکومت کرنے کی صلاحیت پر براہ راست اثر انداز ہوتا ہے جس سے تمام شہریوں کے لیے سیکیورٹی، ترقی اور آئینی حقوق کا منصفانہ اطلاق یقینی بنایا جا سکے۔ اس تنظیم نے کئی سالوں پر محیط دانستہ کارروائیوں اور نظریاتی اعلانات کے ذریعے خود کو پاکستانی ریاست کے سامنے درپیش سنگین ترین اور مشکل ترین اندرونی سیکیورٹی مسائل میں سے ایک کے طور پر مضبوطی سے قائم کر لیا ہے، یہ ایک ایسا معمہ ہے جو خاص طور پر بلوچستان کے وسیع، وسائل سے مالا مال، سٹریٹجک طور پر اہم اور تاریخی طور پر حساس صوبے میں مرکوز ہے، جس کی کہانی مبینہ غفلت، پیچیدہ نسلی شناخت اور وفاقی مرکز کے ساتھ طویل عرصے سے جاری اکثر اتار چڑھاو والے تعلقات سے جڑی ہوئی ہے۔ اس کی سرگرمیاں، جو وقت کے ساتھ ساتھ مہارت، ہم آہنگی اور تباہ کن صلاحیت میں بڑھی ہیں، نے ناقابل تردید طور پر ایک ایسی تنظیمی صلاحیت اور تزویراتی آمادگی کا مظاہرہ کیا ہے جس کا مقصد بڑے پیمانے پر بلا امتیاز تشدد کرنا، عام شہریوں کی زندگی کے معمولات کو دانستہ طور پر غیر مستحکم کرنا اور ریاست کی رٹ اور اتھارٹی کو مسلسل دہشت گرد مہمات کے ذریعے براہ راست چیلنج کرنا ہے جو واضح طور پر آئینی نظم کے قائم کردہ فریم ورک کے اندر کسی بھی قسم کی پہچانی جانے والی روایتی سیاسی شمولیت یا مکالمے کو مسترد کرتی ہیں۔ پاکستانی قانون کے تحت ایک ممنوعہ دہشت گرد تنظیم کے طور پر کام کرنے والی اور کئی بین الاقوامی دائرہ اختیار میں اسی طرح تسلیم شدہ بی ایل اے نے بارہا اور منظم طریقے سے اداروں اور افراد کے ایک وسیع حلقے کو نشانہ بنایا ہے جس میں اپنی روزمرہ کی زندگی گزارنے والے معصوم شہری، نظم وضبط برقرار رکھنے کے ذمہ دار سیکیورٹی فورسز کے اہلکار اور وہ اہم انفراسٹرکچر شامل ہے جو معاشی سرگرمیوں اور ریاست کی فعالیت کی ریڑھ کی ہڈی ہے، بشمول گیس پائپ لائنز، بجلی کے گرڈ، نقل وحمل اور مواصلاتی نیٹ ورک اور مختلف ترقیاتی منصوبے جو معاشی ترقی اور علاقائی یکجہتی کے فروغ کے مقصد سے شروع کیے گئے تھے۔ اس کے آپریشنل طریقہ کار میں مستقل طور پر خودکش دھماکوں کا استعمال ایک مرکزی اور دستخطی عنصر کے طور پر شامل رہا ہے جو کہ نفسیاتی دہشت کو زیادہ سے زیادہ کرنے اور مہلک وابستگی کا مظاہرہ کرنے کے لیے ڈیزائن کیا گیا ہے، اس کے علاوہ سخت اہداف پر پیچیدہ اور مربوط مسلح حملے شامل ہیں، یہ وہ طریقہ کار ہیں جو مجموعی طور پر اسے جائز سیاسی اختلاف یا پرامن احتجاج کے دائرے سے باہر اور براہ راست پرتشدد نظریاتی انتہا پسندی کے زمرے میں کھڑا کرتے ہیں جس کا مقابلہ کرنے کے لیے جدید قومی ریاستیں اپنے مقامی قانونی وعدوں اور اپنی آبادی کے تحفظ کی بنیادی ذمہ داری کے مطابق مضبوط اور مربوط سیکیورٹی اور قانون نافذ کرنے والے میکانزم کے ذریعے مجبور ہیں، جبکہ مثالی طور پر یہ سب بنیادی سماجی واقتصادی شکایات کو دور کرنے کے ایک وسیع فریم ورک کے اندر ہونا چاہیے۔ جنوری 2026 کے آخری دنوں میں رونما ہونے والے واقعات نے تشدد کے اس طویل مدتی نمونے کو خاص طور پر شدید اور ہولناک اضافے کے ایک لمحے میں بدل دیا جو تنازع کی تاریخ میں ایک سنگین سنگ میل کے طور پر سامنے آیا۔ 31 جنوری کو بی ایل اے نے بلوچستان کے متعدد اضلاع میں پھیلے ہوئے مربوط حملوں کی ایک احتیاط سے تیار کردہ سیریز کی منصوبہ بندی کی اور اس پر عمل درآمد کیا، یہ ایک ایسی مہم تھی جس نے براہ راست مسلح حملوں کو خودکش دھماکوں کے تباہ کن اثرات کے ساتھ جوڑا اور ان دو طرفہ حملوں کا مقصد بنیادی طور پر سیکیورٹی تنصیبات، مقامی تھانے، ایک ہائی سیکیورٹی جیل اور واضح طور پر ملحقہ شہری علاقے تھے، جس سے فوجی اور غیر عسکری اہداف کے درمیان کسی بھی فرضی لکیر کو مٹا دیا گیا اور جان بوجھ کر خوف کے ماحول کو بڑھا دیا گیا۔ ان بیک وقت حملوں کے وسیع پیمانے، کافی جغرافیائی فاصلوں پر ہم آہنگی اور پرجوش دائرہ کار نے غیر مبہم الفاظ میں اس گروہ کے اس سٹریٹجک ارادے کو واضح کیا جس کا مقصد زیادہ سے زیادہ خلل، افراتفری اور ریاستی اتھارٹی کی علامتی خلاف ورزی پیدا کرنا تھا اور اس نے دہشت گردی کے ہتھکنڈوں پر اپنے گہرے انحصار کو ثابت کیا کہ یہ اس کے اثر و رسوخ کا بنیادی ذریعہ ہے نہ کہ مزاحمت کے منتخب یا علامتی اقدامات جن کا کوئی سیاسی کردار ہو سکتا ہے۔ ان حملوں کے فوری اور افراتفری والے بعد کے حالات میں پاکستانی سیکیورٹی فورسز نے وسیع اور مسلسل جوابی آپریشن شروع کیے، شدید فائرنگ کے تبادلے اور کلیئرنس مشنز میں حصہ لیا جو اگلے دن یکم فروری تک جاری رہے تاکہ فعال خطرات کو بے اثر کیا جا سکے، متاثرہ آبادی کے مراکز کو محفوظ بنایا جا سکے اور نظم وضبط بحال کیا جا سکے۔ بعد کے دنوں میں جاری کردہ سرکاری اعداد وشمار نے انسانی جانوں کے ضیاع کا ایک سنگین خلاصہ پیش کیا جس میں حملوں اور جوابی کارروائیوں کے نتیجے میں مجموعی طور پر 225 اموات کی اطلاع دی گئی۔ اس ہولناک تعداد میں سیکیورٹی فورسز کے 17 اہلکار اور 31 شہری جو فائرنگ کے تبادلے میں پھنس گئے یا براہ راست نشانہ بنے اور 177 دہشت گرد شامل تھے جن کے بارے میں دعویٰ کیا گیا کہ وہ جھڑپوں کے دوران ہلاک ہوئے۔ کسی بھی معقول پیمانے سے دیکھا جائے چاہے وہ انفرادی واقعات کی تعداد ہو، اس میں شامل ہم آہنگی ہو، اہداف کا تنوع ہو یا ہلاکتوں کی حتمی تعداد، یہ المناک واقعہ حالیہ برسوں میں بلوچستان میں تشدد کے مہلک ترین اور اہم ترین دنوں میں سے ایک تھا، جو دہشت گردانہ تشدد کی وجہ سے ہونے والے بے پناہ اور اکثر بلا امتیاز انسانی نقصان کی ایک بے رحم اور اذیت ناک یاددہانی کے طور پر کام کرتا ہے، یہ ایک ایسا نقصان ہے جو زیادہ تر عام شہریوں، مردوں، عورتوں اور بچوں نے اٹھایا ہے جن کی ان انتہا پسند گروہوں کے سیاسی بیانیوں اور مطلق العنان مطالبات میں نہ تو کوئی ذمہ داری ہے اور نہ ہی کوئی اختیار، جو ان کے نام پر کام کرنے کا دعویٰ کرتے ہیں۔ بلوچستان لبریشن آرمی کی جانب سے "آپریشن ہیروف 2.0" کے نام سے حالیہ پرتشدد لہر کو اس گروہ نے ریاستی اہداف کے خلاف حملوں کی ایک مربوط مہم کے طور پر پیش کیا، جس کی تشہیر ایک ایسے نپے تلے پروپیگنڈے کے ذریعے کی گئی جس کا مقصد اپنی طاقت، مہارت اور نظریاتی عزم کا اظہار کرنا تھا۔ اس میں اپنی اپیل کو وسعت دینے کے لیے خواتین جنگجوں کی نمائش اور قیادت کی جانب سے ایسی علامتی پیشکشیں شامل تھیں جن میں کسی سیاسی وژن کے بجائے صرف عسکریت پسندی پر زور دیا گیا تھا۔ پاکستانی حکام نے اس پر ردعمل دیتے ہوئے واضح کیا کہ سیکیورٹی کے سخت اقدامات اور کلیئرنس آپریشنز کے ذریعے بہت سے حملوں کو بروقت ناکام بنا دیا گیا یا انہیں محدود کر دیا گیا، جبکہ سرکاری بیانات اور آزادانہ جائزوں دونوں سے یہ اشارہ ملتا ہے کہ اس تصادم نے اس گروہ کی آپریشنل صلاحیت کو غیر معمولی حد تک بھاری نقصان پہنچایا ہے۔ یہ واقعات اس طرح کی دہشت گرد تنظیموں اور آئینی وسیاسی نظام کے اندر کام کرنے والے اداکاروں کے درمیان فرق کو نمایاں کرتے ہیں۔ ایسے گروہ انتخابات، قانون سازی یا پرامن تحریکوں کے ذریعے تبدیلی کی کوشش نہیں کرتے اور نہ ہی وہ حکمرانی یا اصلاحات کے لیے کوئی ٹھوس پروگرام پیش کرتے ہیں؛ اس کے بجائے وہ اپنے بنیادی ہتھیار کے طور پر مسلسل تشدد پر انحصار کرتے ہیں اور اس ریاست کی قانونی حیثیت کو تسلیم نہیں کرتے جس کی وہ مخالفت کر رہے ہیں۔ چونکہ مذاکرات کا دارومدار سمجھوتے پر آمادگی، تشدد سے دستبرداری اور موجودہ سیاسی فریم ورک کو تسلیم کرنے پر ہوتا ہے، اس لیے روایتی سیاسی شرائط پر ان کے ساتھ مشغولیت کو بنیادی طور پر ناقابل عمل سمجھا جاتا ہے۔ ماضی کا تجربہ بتاتا ہے کہ مسلسل اور انٹیلی جنس پر مبنی سیکیورٹی کارروائیاں ہی دہشت گردوں کی صلاحیت کو محدود کرنے کا بنیادی ذریعہ رہی ہیں، جبکہ کارروائیوں میں وقفوں یا مفاہمانہ اشاروں کو اکثر دوبارہ منظم ہونے کے لیے استعمال کیا گیا ہے۔ ساتھ ہی، شمولیت اور ترقی کے ذریعے طویل مدتی امن کے لیے بھرپور حمایت موجود ہے، جسے صرف اسی صورت میں ممکن سمجھا جاتا ہے جب سیکیورٹی قائم ہو جائے اور مسلح ٹیٹ ورکس کا خاتمہ کر دیا جائے، تاکہ قانونی سیاسی شرکت اور سماجی ترقی کی راہیں ہموار ہو سکیں۔

☆☆☆☆

مجری اردو شاعری روایت، رجحان اور فکر وفن

حیاتِ مستعار
محمد اقبال
Iqbalfblpk@gmail.com

پروفیسر ڈاکٹر خواجہ محمد اکرام الدین ہندوستان میں اردو ادب کے نامور استاد اور دنیائے عالم میں سفیر اردو کی حیثیت سے جانے جاتے ہیں۔ آپ جواہر لال نہرو یونیورسٹی، شعبہ اردو سے وابستہ اور "ورلڈ اردو ایسوسی ایشن، "نامی تنظیم کے بانی اور روح رواں ہیں اور اپنی اس حیثیت میں ہندوستان سمیت دنیا بھر میں اردو زبان و ادب کے فروغ کیلئے لازوال خدمات سرانجام دے رہے ہیں۔ آپ کی علمی وادبی خدمات پر ہندوستان اور پاکستان کی متعدد جامعات میں تحقیقی مقالہ جات تحریر کئے جا چکے ہیں جن میں حال ہی میں گورنمنٹ کالج برائے خواتین یونیورسٹی فیصل آباد میں ڈاکٹر صدف نقوی صاحبہ کی زیر نگرانی لکھا جانے والا ایم فل سطح کا مقالہ بھی شامل ہے۔ ورلڈ اردو ایسوسی ایشن کے پلیٹ فارم سے اردو علمی و ادبی کانفرنسز، سیمینارز اور ورکشاپس کا انعقاد اور پھر دنیا بھر کے اہل علم وادب کو ایک پیج پر جمع کرنا آپ کا طرہ امتیاز اور مقصد حیات ہے۔ اس سلسلے میں گزشتہ دنوں آپ نے ورلڈ اردو ایسوسی ایشن کے پلیٹ فارم سے تین روزہ بین الاقوامی کانفرنس بعنوان "مجری اردو شاعری روایت، رجحان اور فکر وفن" کا انعقاد کیا جس میں پاکستان، ہندوستان، ڈنمارک اور مصر سمیت دنیا بھر کے ناقدین، محققین، شعرا اور اہل علم وادب نے بھرپور شرکت فرمائی اور مجری ادب، خصوصاً شاعری کے مختلف پہلوں پر مقالات پیش کئے جن میں روایت اور جدید رجحانات کے ساتھ ساتھ فکری اور فنی جہات پر بھی گفتگو کی گئی۔ اردو ادب کی تاریخ ہجرت، جدائی، جلاوطنی اور شناخت کے بحران سے گہری طور پر وابستہ رہی ہے۔ اگرچہ ہجرت کا المیہ تقسیم ہند کے ساتھ ایک اجتماعی سانحے کی صورت میں نمایاں ہوا، مگر عصرِ حاضر میں مجری اردو شاعری نے اس تصور کو مزید وسعت، گہرائی اور فکری پیچیدگی عطا کی ہے۔ آج کی مجری شاعری محض جغرافیائی نقل مکانی کا بیان نہیں بلکہ تہذیبی بیگانگی، لسانی اجنبیت، نفسیاتی تنہائی اور شناخت کے شکست و ریخت کا استعارہ بن چکی ہے۔ مجری شاعری سے مراد وہ شاعری ہے جو ہجرت کے تجربے، جلاوطنی کے احساس، وطن سے دوری، یادِ ماضی اور نئے معاشرتی و ثقافتی تناظر میں خود کو از سرِ نو دریافت کرنے کے عمل کو موضوع بناتی ہے۔ یہ شاعری کبھی مجبوری کی ہجرت) جنگ، سیاسی جبر، معاشی بحران (کی پیداوار ہوتی ہے اور کبھی رضاکارانہ جلاوطنی) تعلیم، روزگار، بہتر مستقبل (کے نتیجے میں جنم لیتی ہے۔ عصرِ حاضر میں عالمگیریت (Globalization)، سرمایہ دارانہ نظام، مشرق وسطیٰ اور مغربی ممالک کی جانب وسیع پیمانے پر نقل مکانی، اور ڈیجیٹل دنیا نے مجری تجربے کو پہلے سے کہیں زیادہ پیچیدہ بنا دیا ہے۔ اب شاعر ایک نہیں بلکہ کئی دنیاں میں بیک وقت زندہ ہے۔ ابتدائی مجری شاعری میں نوحہ، المیہ اور یادِ وطن کا غلبہ تھا۔ تقسیم کے بعد لکھنے والے شعرا کے ہاں بچھڑنے کا دکھ، لٹے ہوئے گھروں کی یاد اور ٹوٹے ہوئے رشتوں کا کرب نمایاں تھا۔ مگر عصرِ حاضر میں مجری شاعری محض ماضی پر نوحہ کناں نہیں بلکہ حال اور مستقبل کے سوالات سے بھی مکالمہ کرتی ہے۔ آج کا مہاجر شاعر سوال کرتا ہے: میں کہاں کا ہوں؟ میری زبان کس کی ہے؟ میرا قاری کون ہے؟ میری شناخت مستقل ہے یا عارضی؟۔ یہ سوالات مجری شاعری کو محض جذباتی نہیں بلکہ فکری اور فلسفیانہ جہت عطا کرتے ہیں۔ عصرِ حاضر کی مجری اردو شاعری کا سب سے اہم مسئلہ زبان ہے۔ بیرونِ ملک مقیم اردو شاعر ایک ایسی زبان میں تخلیق کر رہا ہے جو اس کے اردگرد کے معاشرے میں غالب زبان نہیں۔ نتیجتاً اردو اس کے لیے شناخت کی علامت، مزاحمت کا ہتھیار اور تہذیبی پناہ گاہ بن جاتی ہے۔ بعض شعرا کے ہاں زبان یادِ وطن کی صورت اختیار کرتی ہے، ماں کی گود جیسی پناہ بن جاتی ہے اور کبھی ایک بوجھ بن کر احساسِ تنہائی کو بڑھا دیتی ہے۔ یوں اردو زبان خود مجری تجربے کا استعارہ بن جاتی ہے۔ عصرِ حاضر کی مجری شاعری میں تنہائی ایک مرکزی موضوع ہے۔ یہ تنہائی محض جسمانی نہیں بلکہ تہذیبی اور نفسیاتی ہے۔ شاعر ایک ایسے معاشرے میں رہتا ہے جہاں وہ بظاہر کامیاب ہے مگر باطن میں اجنبی۔ یہ شاعری خاموش کرب، بے نام اداسی، شناخت کے انتشار اور اندرونی خلا کو نہایت باریک اور علامتی انداز میں پیش کرتی ہے۔ جدید مجری شاعر کا دکھ بلند آہنگ نوحہ نہیں بلکہ دھیمی، ٹوٹی ہوئی آواز ہے جو قاری کے دل میں دیر تک گونجتی رہتی ہے۔ عصرِ حاضر میں یادِ وطن محض رومانوی جذبہ نہیں رہا۔ شاعر وطن کو یاد کرتے ہوئے اسے سوالیہ نگاہ سے دیکھتا ہے۔ وہ جانتا ہے کہ واپسی ممکن بھی ہو تو وہ وطن اب وہی نہیں رہا، اور نہ ہی شاعر خود وہی رہا ہے۔ یوں وطن ایک تصور، ایک یاد، ایک خواب اور کبھی ایک فریب بن کر سامنے آتا ہے۔ یہی داخلی تصادم مجری شاعری کو گہرائی عطا کرتا ہے۔ عصرِ حاضر کی مجری اردو شاعری میں علامتیں بھی بدل گئی ہیں: ہوائی اڈے، پاسپورٹ، ویزا، سرحدیں، اجنبی شہر، برف، بارش، لمبی سڑکیں، یہ سب جدید مجری علامتیں ہیں جو کلاسیکی استعاروں کے ساتھ مل کر ایک نیا شعری پیکر تشکیل دیتی ہیں۔ اسلوب میں آزاد نظم، نثری نظم اور علامتی اظہار کا رجحان نمایاں ہے۔ عصرِ حاضر کی مجری اردو شاعری اب محض ذاتی یا قومی دائرے تک محدود نہیں رہی۔ یہ عالمی مسائل جیسے جنگ، مہاجرین کا بحران، شناختی سیاست، نسلی امتیاز، تہذیبی تصادم سے بھی مکالمہ کرتی ہے۔ اس طرح مجری شاعر ایک عالمی شہری (Global Citizen) کی حیثیت اختیار کر لیتا ہے، مگر اپنی زبان اور تہذیب سے رشتہ توڑنے کے بغیر۔ اس طرح عصرِ حاضر میں مجری اردو شاعری اردو ادب کا ایک نہایت توانا، پیچیدہ اور معنی خیز باب ہے۔ یہ شاعری ہمیں بتاتی ہے کہ ہجرت محض جگہ بدلنے کا نام نہیں بلکہ وجود کی سطح پر ایک زلزلہ ہے۔ یہ شاعری یاد، شناخت، زبان، تنہائی اور امید کے درمیان مسلسل سفر کا بیان ہے۔ مجری اردو شاعر آج بھی لفظوں کے ذریعے اپنا گھر تعمیر کر رہا ہے، ایک ایسا گھر جو نقشے پر نہیں، مگر دل اور زبان میں آباد ہے۔ سیمنار کے پہلے دن افتتاحی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ورلڈ اردو ایسوسی ایشن کے چیئرمین پروفیسر خواجہ محمد اکرام الدین نے مجری ادب کی اہمیت اور اس کے تنقیدی مطالعے کی ضرورت پر زور دیا۔ انہوں نے مجری ادب کی تفہیم، تعبیر اور تشریح کے حوالے سے گفتگو کرتے ہوئے مجری ادیبوں کو دو زمروں میں تقسیم کیا۔ ان کے مطابق ایک طبقہ وہ ہے جو مستقل طور پر بیرونِ ملک سکونت اختیار کر کے اردو ادب کی خدمت انجام دے رہا ہے، جبکہ دوسرا طبقہ وہ ہے جو طویل عرصے سے دیارِ غیر میں قیام پذیر رہتے ہوئے اردو زبان و ادب کے فروغ میں مصروف ہے۔ انہوں نے اس بات کی نشاندہی کی کہ دوسرے زمرے کے بیشتر ادیب اور شعرا مشرق وسطیٰ میں مقیم ہیں اور وہاں اردو ادب کی نمایاں خدمات انجام دے رہے ہیں۔ کانفرنس کے پہلے سیشن کی صدارت جناب نصر ملک، ڈنمارک اور جناب سید اقبال حیدر، جرمنی نے مشترکہ طور پر فرمائی جبکہ نظامت ڈاکٹر رکن الدین اور اظہار تشکر کے کلمات جناب نوید رضا نے ادا کئے۔ پہلے سیشن کے مقالہ نگاروں میں پروفیسر مہر الیاس، ڈاکٹر آمنہ رفیق، ڈاکٹر طاہر طیب، نوید رضا، ڈاکٹر ذکیہ رانی، ڈاکٹر سبینہ اویس، ڈاکٹر چوہدری محمد شفیع، ڈاکٹر زہرہ جبیں، ڈاکٹر یاسمین کوثر، ڈاکٹر گلزار احمد اور ڈاکٹر صدف آرا کے اسمائے گرامی شامل ہیں۔ کانفرنس کے دوسرے روز صدارت پروفیسر ڈاکٹر صدف نقوی صاحبہ نے جبکہ نظامت جناب نوید رضا نے فرمائی۔ دوسرے سیشن میں مقالہ پیش کرنے والوں میں ڈاکٹر شگفتہ فردوس، ڈاکٹر شازیہ عمیر، ڈاکٹر جاوید حسن، ڈاکٹر عمیرہ تسلیم، ڈاکٹر فرحانہ اعظمی، سرور غزالی، عشرت معین، غوثیہ سلطانہ نوری، زیبا گلزار، حلیمہ بی بی، شاہدہ شفیع اور علیشاہ رضوی کے اسمائے گرامی شامل ہیں جبکہ اسی سیشن میں راقم الحروف کو بھی اپنا مقالہ بعنوان "عصر حاضر میں مجری اردو شاعری" پیش کرنے کا شرف حاصل ہوا۔ کانفرنس کے تیسرے اور آخری سیشن میں صدارت کے فرائض پروفیسر ثروت خان جبکہ نظامت مس شہلا کلیم نے فرمائی۔ مقالہ نگاروں میں ڈاکٹر فرحت جہاں، ناصر قمر الدین، کلیم احمد، ڈاکٹر محمد فیض اللہ، عمر فاروق، ثنا بانو، ڈاکٹر سمیہ باغبان، محمد طیب، نوزیہ فاطمہ اور محمد نوشاد کے نام گرامی شامل ہیں۔ سیمنار کے تینوں روز مختلف سیشنز میں تیس سے زائد پیش کیے گئے مقالات میں مجری اردو شاعری کی تاریخی روایت، شناخت کا مسئلہ، تہذیبی تجربات، لسانی میلانات اور نئے فنی اسالیب پر روشنی ڈالی گئی۔ مقررین نے اس بات پر اتفاق کیا کہ مجری اردو شاعری نہ صرف اردو ادب کا ایک اہم حصہ ہے بلکہ یہ مختلف تہذیبوں کے درمیان فکری اور ثقافتی مکالمے کا ذریعہ بھی ہے۔ سیمنار کے اختتام پر استاد محترم پروفیسر خواجہ اکرام الدین صاحب نے اس عزم کا اظہار کیا کہ مجری اردو ادب کے موضوع پر آئندہ بھی اسی نوعیت کی علمی سرگرمیوں کا انعقاد کیا جائے گا تاکہ دنیا بھر میں پھیلے اردو لکھنے والوں اور قارئین کے درمیان علمی وادبی رابطے کو مزید مضبوط بنایا جا سکے۔

پنجاب بھر میں گٹروں نالیوں میں گرنے سے جو اموات ہو رہی ہیں وہ قابل افسوس اور قابل مذمت ہے

پاکستان پیپلز پارٹی حکومت کی نااہلی کے حوالے آواز اٹھاتی رہے گی، چوہدری عمران حبیب سرویا

کاموں کے (رانا محمد ناصر سے) پاکستان پیپلز پارٹی ضلع گوجرانوالہ کے جنرل سیکرٹری چوہدری عمران حبیب سرویا، پاکستان پیپلز پارٹی کے امیدوار صوبائی اسمبلی پی پی 67 کاموں کے چوہدری شہزاد علی گل نے گزشتہ روز نالے میں گر جانے جان بحق ہونے والے محلہ عبداللہ خان روڈ کے دو سالہ اسماعیل کے گھر گئے اور اہل خانہ سے اظہار تعزیت اور فاتحہ خوانی کی اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے مذکورہ رہنماوں نے کہا پنجاب بھر میں گٹروں نالیوں میں گرنے سے جو اموات ہو رہی ہیں وہ قابل افسوس اور قابل مذمت ہے انہوں نے کہا پاکستان پیپلز پارٹی حکومت کی نااہلی کے حوالے آواز ا(باقی صفحہ 3بقیہ نمبر 58)

یونیک آئیڈیل سکول گوجرانوالہ میں 12ویں سالانہ تقریب تقسیم انعامات نہایت شاندار اور پروقار انداز میں منعقد ہوئی

گوجرانوالہ (ایجوکیشن رپورٹر) یونیک آئیڈیل سکول گوجرانوالہ میں 12ویں سالانہ تقریب تقسیم انعامات نہایت شاندار اور پروقار انداز میں منعقد ہوئی۔ تقریب کے مہمان خصوصی معروف سماجی سائنسدان ڈاکٹر مقدس فردوس تھے، جو کہ پریکٹس ڈائریکٹر سینٹرز ایچ آر سی اور گفٹ یونیورسٹی گوجرانوالہ میں پروفیسر کے فرائض سرانجام دے رہے ہیں۔ تقریب میں تعلیمی، ہم نصابی اور اخلاقی میدانوں میں نمایاں کارکردگی دکھانے والے طلبہ و طالبات کو انعامات اور اسناد سے نوازا گیا۔ ڈاکٹر مقدس فردوس نے اپنے خطاب میں معیاری تعلیم، سماجی شعور اور کردار سازی کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ ایسے تعلیمی ادارے معاشرے کی تعمیر میں کلیدی کردار ادا کرتے ہیں۔ اس موقع پر یونیک آئیڈیل سکول کی پرنسپل ثمینہ شہزاد نے ادارے کی تعلیمی کامیابیوں اور مستقبل کے اہداف پر روشنی ڈالی، جبکہ شہزاد احمد اورنگزیب نے انتظامی امور اور اساتذہ کی محنت کو سراہتے ہوئے کہا کہ طلبہ کی ہمہ جہت تربیت ہی ادارے کی اولین ترجیح ہے۔ تقریب کے اختتام پر مہمانِ خصوصی، اسا(باقی صفحہ 3بقیہ نمبر 59)

معروف معالج ڈاکٹر نعمان رفیع راجپوت کی لاہور میں منعقدہ بین الاقوامی میڈیکل کانفرنس میں شرکت

کانفرنس میں پاکستان بھر سے ممتاز طبی ماہرین، اساتذہ اور محققین شریک تھے

بقیہ ''عوامی دنیا'' 1

ان خیالات کا اظہار انہوں نے کمشنر دفتر میں ڈویژنل امن کمیٹی کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا ڈپٹی کمشنر نوید احمد 'ایس ایس پی آپریشنز غیور احمد بھی انکے ہمراہ تھے جبکہ ایڈیشنل کمشنر کوآرڈینیشن محمد شفیق 'اے سی آر محمد فرقان' ممبران امن کمیٹی مولانا خالد حسن مجددی 'محمد یوسف کھوکھر 'محمد سعید احمد صدیقی 'کاظم علی شاہ 'خطیب اوقاف حافظ شاہد فاروق 'پروفیسر شہزاد لارنس 'ڈویژن کے تمام اضلاع کے ڈپٹی کمشنرز ویڈیو لنک سے منسلک تھے۔کمشنر نے واضح کیا کہ حساس مقامات کی سکیورٹی میں اضافہ ' ایمرجنسی شیئرنگ کا بروقت نظام اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کی ہم آہنگی امن کے قیام میں کلیدی کردار ادا کر رہی ہے۔سید نوید حیدر شیرازی نے عوام سے اپیل کی کہ وہ افواہوں سے گریز کریں' مشکوک سرگرمیوں کی فوری اطلاع متعلقہ اداروں کو دیں اور سوشل میڈیا پر غیر مصدقہ معلومات پھیلانے سے اجتناب کریں۔انہوں نے کہا کہ مذہبی ہم آہنگی اور برداشت کا فروغ ہی پائیدار امن کی ضمانت ہے اور کسی کو بھی فرقہ وارانہ نفرت پھیلانے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔اجلاس میں انتظامیہ 'پولیس اور دیگر متعلقہ محکموں کے نمائندگان نے شرکت کی جہاں سکیورٹی اقدامات کا جائزہ لیا گیا اور آئندہ کے لائحہ عمل پر تفصیلی غور کیا گیا۔کمشنر نے یقین دہانی کرائی کہ حالات پر کڑی نظر رکھی جارہی ہے اور شہریوں کے تحفظ کیلئے تمام ممکنہ وسائل بروئے کار لائے جائیں گے۔آخر میں شہدا کیلئے دعائے مغفرت بھی کی گئی۔

بقیہ ''عوامی دنیا'' 2

حصول کے لیے سائلین کو براہِ راست یا بالواسطہ رشوت دینے پر مجبور کیا جارہا ہے۔متاثرہ زمینداروں کے مطابق فائلر اور نان فائلر کے نام پر الگ الگ ریٹ مقرر ہیں، جبکہ جو سائل رشوت ادا کر دیتا ہے اس کا کام فوری طور پر نمٹا دیا جاتا ہے۔اس کے برعکس جو شہری رشوت دینے سے انکار کرے، اسے دانستہ طور پر نشانِ انگوٹھا تصدیق، ریکارڈ کی کمی یا سسٹم خرابی جیسے بہانوں میں الجھا دیا جاتا ہے۔زمینداروں کا کہنا ہے کہ انہیں روزانہ کی بنیاد پر اراضی ریکارڈ سنٹر کے چکر لگانے پڑتے ہیں، مگر اس کے باوجود جائز کام بھی مکمل نہیں ہوتا۔کئی سائلین نے بتایا کہ وہ صبح سے شام تک انتظار کے بعد بغیر کسی پیش رفت کے واپس لوٹنے پر مجبور ہو جاتے ہیں، جس سے نہ صرف وقت بلکہ روزگار کا بھی نقصان ہو رہا ہے۔سائلین کے مطابق جب سے زمین کی رجسٹری کا اختیار پٹواریوں سے لے کر اراضی ریکارڈ سنٹر کے حوالے کیا گیا ہے، رشوت کے ریٹس دوگنا ہو چکے ہیں اور شفافیت کے دعوے عملی طور پر کھوکھلے ثابت ہو رہے ہیں۔شہریوں نے الزام عائد کیا کہ اصلاحات کے نام پر قائم کیے گئے مراکز میں کرپشن پہلے سے زیادہ منظم ہو چکی ہے۔متاثرہ افراد نے وزیر اعلیٰ پنجاب، بورڈ آف ریونیو اور اعلیٰ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ اراضی ریکارڈ سنٹرز میں فوری انکوائری کرائی جائے، پرائیویٹ ایجنٹوں کا داخلہ بند کیا جائے اور کرپٹ عناصر کے خلاف سخت کارروائی عمل میں لائی جائے تاکہ زمینداروں اور عام شہریوں کو حقیقی معنوں میں ریلیف مل سکے۔

بقیہ ''عوامی دنیا'' 3

کا کہنا تھا کہ پاکستان آمد پر معزز مہمان کو دل کی اتھاہ گہرائیوں سے خوش آمدید کہتے ہیں۔صدر بنگلا دیش کرکٹ بورڈ امین الاسلام چیئرمین پی سی بی محسن نقوی سے ملاقات کریں گے، امین الاسلام دیگر اجلاس میں بھی شریک ہوں گے۔

بقیہ ''عوامی دنیا'' 4

ظالمانہ واقعہ ہے جس کی جتنی مذمت کی جائے کم ہے۔ایسے اقدامات کا کوئی جواز نہیں، اور ہم مطالبہ کرتے ہیں کہ اس گھناؤنے فعل میں ملوث افراد کو جلد از جلد انصاف کے کٹہرے میں لایا جائے۔"انہوں نے مزید کہا کہ ہمیں اس قسم کی دہشت گردانہ کارروائیوں کے خلاف متحد ہو کر کھڑے ہونے کی ضرورت ہے تاکہ امن کی بحالی کے لیے ہر ممکن قدم اٹھایا جا سکے۔"ہماری آواز اسی مقصد کے لیے بلند ہو رہی ہے تاکہ ملک میں امن قائم ہو اور کوئی بھی انسان دہشت گردی کا شکار نہ ہو۔"سردار چاند ڈوگر نے اپنی تنظیموں اور نیشنل پریس کلب کے اراکین سے اپیل کی کہ وہ اس واقعے کی مذمت میں آواز بلند کریں اور حکومتی اداروں سے مطالبہ کریں کہ وہ ایسے دہشت گردانہ واقعات کے تدارک کے لیے مزید مؤثر اقدامات اٹھائیں۔اس موقع پر، انہوں نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ وہ دہشت گردی کے خاتمے کے لیے اپنے اقدامات مزید مستحکم کریں تاکہ آئندہ ایسے واقعات کی روک تھام ہو سکے اور معصوم جانوں کا تحفظ ممکن ہو۔سردار چاند ڈوگر کا یہ پیغام ملک بھر کے عوام کے لیے ایک مضبوط اور پائیدار امن کی جستجو ہے۔

بقیہ ''عوامی دنیا'' 5

کسی اہم شخصیت کی تربیت اور کامیابی میں اس کی والدہ کا کردار ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتا ہے۔بزرگ والدین انسان کے لیے ایک عظیم نعمت ہوتے ہیں۔انہوں نے مزید کہا کہ اسلامی کلچر اہلِ مغرب اور امریکہ کے برعکس بوڑھے والدین کو اولڈ ہومز میں چھوڑنے کے بجائے اپنے گھروں میں رکھ کر ان کی خدمت کو باعثِ ثواب سمجھتا ہے۔نماز جنازہ میں مولانا محمد ظہیر خان، محمد اصف بھٹی، محمد ذوالفقار بٹ اور دیگر اہم شخصیات نے بھی شرکت کی اور مرحومہ مغفورہ کے لیے بلندی درجات اور اہلِ خانہ کے لیے صبرِ جمیل کی دعا کی۔مولانا حافظ محمد ظہیر خان حاجی وحید اقبال محمود احمد محمد دین محمد فیصل محمد اشفاق غلام حیدر حکیم خالد رضا محمد آصف ذوالفقار بٹ اور دیگر اہم شخصیات نے بھی شرکت کی اور مرحومہ مغفورہ کے لیے بلندی درجات اور اہلِ خانہ کے لیے صبرِ جمیل کی دعا کی۔

بقیہ ''عوامی دنیا'' 6

نے ہمارے اعتماد کی لاج رکھی، شاباش لاہور، لاہور آج بہت خوش ہے، میں بھی بہت خوش ہوں، لاہور والوں نے قواعد وضوابط پر عمل کر کے محفوظ بسنت منانے میں اہم کردار ادا کیا۔انہوں نے کہا کہ خوش و خرم مگر محفوظ بسنت کا تصور پوری طرح اپنایا گیا، مقررہ سائز اور مقررہ پتنگ کے علاوہ ممنوع ڈور استعمال کرنے کی اطلاعات نہیں ملیں۔مریم نواز کا کہنا ہے کہ چھتوں پر ایس او پیز کے مطابق محفوظ بسنت منائی گئی، دھاتی تار استعمال نہ ہونے کی وجہ سے ٹرانسفارمر بھی محفوظ رہے، سیف بسنت کا تصور لاہور کے بعد دوسرے شہروں میں بھی اپنایا جائے گا۔وزیر اعلیٰ پنجاب نے کہا کہ ہر علاقے میں 200 کلینک آن ویل اور 21 فیلڈ ہسپتال بھی متعین تھے، آج بسنت فیسٹیول کا آخری دن ہے، عوام احتیاط کا دامن نہ چھوڑیں۔

بقیہ ''عوامی دنیا'' 7

فیملی پلاننگ آگاہی سٹال کے علاوہ عوام الناس کی دلچسپی کیلئے تفریحی سٹالز بھی لگائے گئے جس میں خاص طور پر مہندی چوڑی سٹال 'بیوٹیشن سٹال اور کھانے پینے کے بے شمار پوائنٹس فیملیز کیلئے تفریح کا باعث بنے۔لوگ میلہ میں پیش کئے گئے پاپ و فوک میوزک 'بیجک شو 'ڈھول پرفارمنس اور موٹو پتلو کریکٹر سے خوب لطف اندوز ہوئے میلہ میں فیملی گیمز 'میوزیکل چیئر' کوئز مقابلے اور دیگر تفریحی مقابلہ جات کا بھی اہتمام کیا گیا اور فیملیز اور بچوں میں انعامات تقسیم کئے گئے۔ڈسٹرکٹ پاپولیشن ویلفیئر آفیسر عدنان اشرف نے کہا کہ میلے کے انعقاد کا مقصد لوگوں کو تفریح کے ساتھ ساتھ صحتمند معاشرے' صحتمند پڑھی لکھی ماں اور پڑھے لکھے معاشرے کی بنیاد فراہم کرنا ہے۔انہوں نے کہا کہ ایک صحت مند' متوازن اور خوشحال خاندان ہی ملک وقوم کی ترقی کی راہ ہموار کرسکتا ہے مہمان خصوصی فادر شکیل نے ڈسٹرکٹ پاپولیشن ویلفیئر آفس کے اس اقدام کو سراہا انہوں نے ایجل کی کہ متوازن خاندان اور خوشحال پاکستان کا پیغام گھر گھر پہنچایا جائے اور خصوصا نوجوان نسل کو آگہی دی جائے۔میلہ میں اہل علاقہ' پروفیسر شہزاد لارنس 'ڈاکٹر عدیلہ لیاقت 'شمعون جوزف بھٹی اور وقار احمد نے بھی شرکت کی۔

بقیہ ''عوامی دنیا'' 8

بی کے لیے نیک تمناں کا اظہار کیا۔محمد اقبال نجم نے کہا کہ عبادت گاہ کو نشانہ بنانا انسانیت، امن اور مذہبی ہم آہنگی پر کھلا حملہ ہے۔یہ بزدلانہ دہشت گردی کے واقعات قوم کے حوصلے پست نہیں کر سکتے، کیونکہ پوری قوم دہشت گردی کے خلاف متحد اور پرعزم ہے۔انہوں نے حکومت اور قانون نافذ کرنے والے اداروں سے مطالبہ کیا کہ واقعے میں ملوث عناصر کو فوری طور پر گرفتار کر کے قانون کے کٹہرے میں لایا جائے اور شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے مؤثر اور سخت اقدامات کیے جائیں۔بیان کے اختتام پر انہوں نے ملک میں امن، بھائی چارے، مذہبی رواداری اور دہشت گردی کے مکمل خاتمے کے عزم کا اعادہ کیا۔

بقیہ ''عوامی دنیا'' 9

بلال غوری الیکشن کوریج کے لیے بنگلہ دیش جانے کے لیے کراچی ائیر پورٹ پہنچے تھے جہاں سے انھیں آف لوڈ کر کے گرفتار کیا گیا تفصیلات کے مطابق ؟ ملک کے ممتاز صحافی تجزیہ نگار اور اینکر پرسن بلال غوری کو کراچی ائیر پورٹ پر بنگلہ دیش کے انتخابات کی کوریج کے لئے جاتے ہوئے نا معلوم الزامات کے تحت گرفتار کر کے ہتھکڑیاں پہنا دی گئیں۔حکام کا کہنا ہے اوپر سے آئے ہوئے احکامات کے تحت ہتھکڑیاں لگائی گئیں سینئر صحافی محسن رضا خان نے سوشل میڈیا پر بتایا کہ صحافی بلال غوری سے شام کو فون پر بات ہوئی تھی وہ بنگلہ دیش کے انتخابات کی کوریج کے لئے ڈھاکہ روانگی پر بہت پرجوش تھے۔انہیں کراچی ائیر پورٹ پر جس طرح گرفتار کر کے ہتھکڑیاں لگائی گئی ہیں وہ بہت افسوسناک ہے۔بنگلہ دیش جانے والے صحافیوں کے وفد میں شامل سینئر صحافی عظمت رحمانی نے بتایا کہ بلال غوری وفد میں شامل تھے کہ بوڈنگ کے بعد لاسٹ کاونٹر سے عین آخری موقع پر انہیں کمرے میں لے جایا گیا اور پھر ہتھکڑی لگا کر بیٹھا دیا گیا۔اب تک یہ معلوم نہیں ہو سکا کہ کس جرم اور کب ان کا نام ایگزٹ کنٹرول لسٹ میں شامل کیا گیا ہے۔

بقیہ ''عوامی دنیا'' 10

بیسٹ لرننگ سائنس اسکول کے تعلیمی معیار، نظم وضبط اور اساتذہ کی محنت کو سراہا۔اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے مقرریں نے کہا کہ بیسٹ لرننگ سائنس اسکول علاقے میں معیاری تعلیم کے فروغ میں نمایاں کردار ادا کر رہا ہے اور یہاں کے نتائج اس بات کا واضح ثبوت ہیں کہ ادارہ درست سمت میں گامزن ہے۔تقریب کی میزبانی چیئرمین بیسٹ لرننگ سائنس اسکول مفتی عمران نے کی۔انہوں نے اساتذہ اور والدین کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ یہ کامیابی ٹیم ورک، طلبہ کی محنت اور والدین کے اعتماد کا نتیجہ ہے، اور آئندہ بھی تعلیمی معیار پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔آخر میں مہمانان خصوصی نے ادارے کے روشن مستقبل کیلئے نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔

بقیہ ''عوامی دنیا'' 11

کشمیری عوام نے آزادی حق کی خاطر اپنی جانوں کے نذرانے دیے اور کشمیری عوام کی لازوال کروائیوں کی ایک بہت بڑی داستان ہے اج بھی بھارتی فوج کشمیر کی عوام پر ظلم جبر کر رہا ہے لیکن آزادی حق کی جدوجہد اور تاریخ کو اپنے ظلم کے ساتھ نہ روک پایا اور بھارتی قابض افواج کی جانب سے جاری انسانی حقوق کی سنگین اور مسلسل خلاف ورزیوں اور سیاسی قیادت کی غیر قانونی نظر بندیوں نوجوانوں کی جبری گرفتاریاں اظہار رائے پر پابندیوں اور آبادی کے تناسب کو تبدیل کرنے کی منظم کوششوں پر گہری تشویش کا اظہار کرتے کیا اور حکومت پاکستان کو کشمیری عوام کے حق خودارادیت کی جدوجہد کے لیے عالمی فورم پر آواز اٹھانے پر خراج تحسین پیش کرتا ہوں اور پوری دنیا کو کشمیری عوام کے حق مزاحمت کو بین الاقوامی قوانین اور اقوام متحدہ کی قراردادوں کے تناظر میں ایک جائز حق کے طور پر منوانے کے لیے منظم سفارتی کوششیں کی جانی چاہیے اور یہ امر واضح کیا جانا ضروری ہے کہ کشمیریوں کی جدوجہد کسی ریاست کے خلاف جارحیت نہیں بلکہ اپنی شناخت آزادی اور حق خودارادیت کے تحفظ کی جدوجہد ہے جسے عالمی ضمیر کی تائید حاصل ہونی چاہیے اور انشاءاللہ اللہ تبارک وتعالی کی مدد سے کشمیر آزاد ہوگا اور کشمیری عوام بھی آزادی کی خوشی منائے گے آزادی اللہ کی دی ہوئی بہت بڑی نعمت ہے جو کشمیری عوام کو ضرور ملے گی

بقیہ ''عوامی دنیا'' 12

لاوالا میٹیریل دوکان داروں کے لیے دردسر بن کررہ گیا جگہ جگہ مٹی ریت بجری سیمنٹ کے ڈھیر دوکان داروں کا منہ چڑھانے لگا۔انجمن تاجران کے نائب صدر اکبر بٹ ودیگر دوکان داروں کنسٹرکشن اسسٹنٹ وسپروائزر سے رابطہ کر کے تمام معاملات سے آگاہ کیا اور انکی جانب سے بننے والی پریشانی ویڈیوز بھی شیئر کی جس کو دیکھ کر فوری طور پر مسئلہ حل کروانے کی یقین دہانی کروائی گئی۔اور شہریوں کو ہونے والی تکلیف پر معذرت بھی کی گئی مگر کیے گئے وعدوں پر عمل درآمد نہ ہوسکا معاملات جوں کے توں ہونے پر اور مین بازار کی ابتر صورتحال پر متعلقہ دوکان دارو نے جاری توڑ پھوڑ پر وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف ڈپٹی کمشنر گوجرانولہ اسسٹنٹ کمشنر وزیر آباد جواد حسین پیر زادہ سے فوری نوٹس لینے کا مطالبہ کیا ہے۔

بقیہ ''عوامی دنیا'' 13

مریکی شہریوں کو محتاط رہنے کی ہدایت کر دی ہے۔امریکی محکمہ خارجہ نے کہا کہ امریکی شہری عوامی اجتماعات میں جانے سے گریز کریں اور اپنی ذاتی سکیورٹی منصوبہ بندی کا از سرِ نو جائزہ لیں۔سکیورٹی ایڈوائزری میں یہ بھی کہا گیا کہ امریکی شہری مقامی میڈیا پر صورت حال سے متعلق تازہ معلومات پر نظر رکھیں۔

بقیہ ''عوامی دنیا'' 14

مذموم مقاصد میں کامیاب نہیں ہو سکتے، قوم دہشت گردی کے خاتمے کیلئے متحد ہوجائے، اس بزدلانہ کارروائی میں قیمتی جانوں کا ضیاع ہوا بلکہ اسکے ذریعے پورے ملک کے امن، رواداری اور بین المذاہب ہم آہنگی کو نشانہ بنانے کی ناکام کوشش کی ہے انہوں نے کہا کہ عبادت گاہوں کو نشانہ بنانا انسانیت کے خلاف کھلی جارحیت ہے اور ایسے عناصر کا نہ کوئی دین ہے اور نہ ہی انکے پاس کوئی اخلاقی جواز ہے ان کا کہنا تھا کہ ہم شہدا کے لواحقین کے غم میں برابر کے شریک ہیں اور زخمیوں کی جلد صحتیابی کے لیے دعا گو ہیں۔

بقیہ ''عوامی دنیا'' 15

حلقوں نے بہاول پور سی ڈی پولیس کی کارکردگی کو سراہا اور خراج تحسین پیش کیا اور مطالبہ کیا ہے کہ بہاول پور میں مزید چھپے رستم منشیات فروشوں کے خلاف سخت کاروائیاں عمل میں لائی جائیں

بقیہ ''عوامی دنیا'' 16

بندی کی نئی اللہ تعالی قاری صاحب کی دینی خدمات کو اپنی بارگاہ کے اندر قبول ومنظور فرمائیعبد الحئی عابد مدیر مدرسہ الرحیم جھگی والا پنجاب پاکستان

بقیہ ''عوامی دنیا'' 17

طرح فلاپ ہوگئی پی ٹی آئی کی ٹکٹ پر کامیاب ہونے والے تین ارکان صوبائی اسمبلی سمیت دیگر عہدیداروں نے احتجاجی کال کو مسترد کرتے ہوئے روپوشی اختیار کر لی جبکہ احتجاجی مظاہرین سے نپٹنے کیلئے قانون نافذ کرنے والے اداروں نے مکمل انتظامات کر رکھے تھے پولیس ملازمین اور گرفتاریوں کیلئے منگوائی گئی گاڑیاں سارا دن پی ٹی آئی کے مقامی رہنماوں اور کارکنوں کا انتظار کرتی رہیں مگر شہر بھر میں پی ٹی آئی کے کارکنان سانحہ 9 مئی کے نامعلوم ملزمان میں دھرے جانے کے خدشہ کے پیش نظر غائب رہے پی ٹی آئی کے تمام شکست خوردہ ٹکٹ ہولڈر رہنماوں کے جذباتی بیانات سوشل میڈیا تک محدود رہے۔

بقیہ ''عوامی دنیا'' 18

تک، ادھر پنڈ دادنخان کے بارڈر سے جھاوریاں اور کوٹ مومن تک ریکارڈ تر قیاتی کام کیے۔۔۔اور وزارتوں کے باوجود عاجزی اور انکساری آج بھی وہ ہی ہے جو الیکشن کے دنوں میں سب میں نظر آتی ہے۔۔۔سلامت رہیں

بقیہ ''عوامی دنیا'' 19

کے قاتل 'ہیں جنہوں نے چند سکوں کے عوض اپنا ایمان اور ضمیر دشمن کے ہاتھ بیچ دیا ہے۔عبادت گاہوں پر حملہ کرنے والے اور سجدہ ریز نمازیوں کو خاک وخون میں تڑپانے والے انسانیت کے بدترین دشمن ہیں، ان کا اسلام تو دور کی بات، کسی مہذب معاشرے سے بھی کوئی تعلق نہیں ہے۔بیرونی دشمن کو ہر محاذ پر پاکستان سے عبرتناک شکست کا سامنا ہے، جس کی وجہ سے وہ اب اپنے تنخواہ دار دہشت گردوں کے ذریعے گھٹیا پن پر اتر آیا ہے۔یہ حملے دشمن کی طاقت نہیں بلکہ اس کی بوکھلاہٹ اور ذلت کا ثبوت ہیں۔دشمن اب پاکستان میں مسلکی منافرت اور فرقہ واریت کی آگ بھڑکانے کی ناپاک کوششیں کر رہا ہے۔عوام اور تمام مسالک کے علما ان 'فتنہ پرور عناصر' کو پہچانیں جو دین کا لبادہ اوڑھ کر ملک کی جڑیں کھوکھلی کرنے کے مشن پر ہیں۔انہوں نے میڈیا ورکرز سے اپیل کی کہ وہ ان عناصر کے کریہہ چہرے اور گھناؤنے عزائم کو عوام کے سامنے بے نقاب کریں تاکہ ان کی فکری بنیادوں کو ہمیشہ کے لیے ختم کیا جا سکے۔

بقیہ ''عوامی دنیا'' 20

،ساتھی کھلاڑیوں اور شائقینِ کرکٹ نے بھی ان کی کرکٹ کے لیے خدمات کو خراجِ تحسین پیش کیا ہے۔

بقیہ ''عوامی دنیا'' 21

گلگت بلتستان ۔بی بلوچستان سے غلام محمد۔مغل۔سندھ سے نورنبی مغل۔کراچی سے مرزا فیاض حسین مغل۔ڈاکٹر حمیا مغل جتوئی سے ذوالفقار علی مغل۔طیب ستار مغل ودیگر مغل بھائیوں کی شامل تھے اس موقع پر تمام قائدین نے اپنے اپنے علاقوں کا احوال بتایا جس پر گورنر سردار سلیم حیدر خان مغل نے خصوصی طور پر جنوبی پنجاب کے شہر علی پور۔جتوئی کے مسائل پر خصوصی توجہ کے ساتھ مسائل حل کرنے اور اپنی مغل برادری کے لوگوں کیلئے اصلاح وتحفظ کا اظہار کیا۔

بقیہ ''عوامی دنیا'' 22

الدین کی دہائیاں ڈی پی او بہاول پور اور سی سی ڈی پولیس بہاول پور سے فوری نوٹس لینے اور ابرار شاہ کے خلاف کاروائی کا مطالبہ

بقیہ ''عوامی دنیا'' 23

سوسائٹی کی سربراہی میں ڈسپنسری جہاں علاقہ مکینوں کو علاج معالجے کی بہتر سہولیات فراہم کی جاتی ہیں انہوں نے کہا موٹریں لگا سیوریج کے پانی کو مناسب جگہ پر ڈمپ کیا جائے گا جس سے سیوریج کا دیرینہ مطالبہ حل ہوتا ہوا نظر اے گا اسی طرح عوام اور شہریوں کی خدمت کرتے دکھائی دے گے۔

بقیہ ''عوامی دنیا'' 24

کلب کے نومنتخب عہدیداران کو مبارکباد پیش کی ہے۔اپنے بیان میں محمد بلال سعد نے عدنان بٹ کو صدر، طاہر جاوید مٹھو جنرل سیکرٹری، شمس الدین کو سینئر نائب صدر، احسان گجر، ملک بشارت، میڈم فرح دیبا گوندل کو نائب صدور سمیت دیگر عہدیداران کو منتخب ہونے پر نیک تمناں کا اظہار کیا۔انہوں نے کہا کہ وزیر آباد پریس کلب ہمیشہ ذمہ دار، باوقار اور عوام دوست صحافت کی علامت رہا ہے، اور نئی قیادت سے توقع ہے کہ وہ اس ادارے کے وقار اور پیشہ ورانہ اقدار کو مزید بلند کرے گی۔

بقیہ ''عوامی دنیا'' 25

حالات میں یکشت سپر ٹیکس کی وصولی صنعتوں کیلئے سنگین مشکلات کا باعث بن سکتی ہے انہوں نے حکومت سے اپیل کی کہ سپر ٹیکس کی ادائیگی کو مرحلہ وار' قابل عمل اور اقساط میں تقسیم کیا جائے تاکہ صنعتی سرگرمیاں جاری رہیں 'برآمدات متاثر نہ ہوں اور روزگار کا تحفظ یقینی بنایا جاسکے۔

بقیہ ''عوامی دنیا'' 26

عدم موجودگی میں نامعلوم چور گھر کے اندر داخل ہوئے جو سیف الماری کے تالے توڑ کر وہاں پڑے سات کروڑ روپے مالیت کے 118 تولے طلائی زیورات، دو کروڑ چالیس لاکھ روپے نقدی چرا کر لیگئے، تھانہ ایمن آباد پولیس نے تاجر وسیم اقبال بٹ کی مدعیت میں مقدمہ درج کرلیا ہے

بقیہ ''عوامی دنیا'' 27

رمرکزی شاہراہوں پر دو شٹلوں میں اپنے فرائض انجام دیے، چار روزہ تعطیلات کے دوران شہر بھر میں روزانہ کی بنیاد پر مینوئل سویپنگ، ویسٹ لفٹنگ، ڈور ٹو ڈور ویسٹ کولیکشن، سڑکوں پر پانی کا چھڑکا اور مٹی کی سکریپنگ کا عمل بلاتعطل جاری رہا، خصوصی ٹیمیں

تفریحی مقامات اور مصروف بازاروں میں تعینات رہیں جہاں بڑھتے ہوئے کوڑا کرکٹ کو بروقت ٹھکانے لگایا گیا تاکہ شہریوں کو صاف اور خوشگوار ماحول میسر آسکے، سی ای او راولپنڈی ویسٹ مینجمنٹ کمپنی رانا ساجد صفدر نے کہا کہ چھٹی ہو یا کوئی تہوار، ہمارے ورکرز صفائی کیلئے ہر وقت تیار رہتے ہیں، وزیر اعلیٰ پنجاب کے ستھرا پنجاب پروگرام کے تحت شہریوں کو صاف ستھرا ماحول فراہم کرنا ہماری اولین ترجیح ہے، ہمارے ورکرز تعطیلات میں بھی عوامی خدمت کے جذبے سے سرشار ہو کر فیلڈ میں کام کر رہے ہیں، انہوں نے شہریوں سے اپیل کی کہ وہ تعطیلات کے دوران بھی صفائی میں ادارے سے تعاون کریں، کوڑا کرکٹ کو مقررہ کوڑا دان میں ڈالیں یا ورکرز کے حوالے کریں تاکہ شہر کو زیرو ویسٹ رکھا جا سکے، راولپنڈی ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کے ورکرز کی انتھک محنت اور پیشہ ورانہ کارکردگی کے باعث تعطیلات کے باوجود شہر بھر میں صفائی کا نظام مؤثر انداز میں جاری رہا، جسے شہری حلقوں کی جانب سے سراہا جا رہا ہے۔

بقیہ ''عوامی دنیا'' 28

دہشت گردوں کا کوئی مذہب نہیں ہوتا ہماری ہمدردیاں متاثرہ خاندانوں کے ساتھ ہیں اس دہشت گردی کے خلاف پوری قوم حکومت اور ادارے ایک پیج پر ہیں۔

بقیہ ''عوامی دنیا'' 29

مریم نواز شریف سے جھاوریاں کی عوام کا مطالبہ

بقیہ ''عوامی دنیا'' 30

بھی کامیابی سے مکمل کیا گیا ہے جس کے تحت نئی قیادت کو منتخب کیا گیا ہے کا کہنا ہے نئی اور متحرک قیادت کے انتخاب سے پنجاب میں پاکستان پیپلز پارٹی کی تنظیمی کارکردگی مزید بہتر ہوگی اور پارٹی ایک مضبوط عوامی قوت کے طور پر ابھرے گی۔انہوں نے کہا کہ پیپلز پارٹی ہمیشہ غریب اور متوسط طبقے کی فلاح کے لیے عملی اقدامات کرتی آئی ہے اور فتح جنگ میں اجتماعی شادیوں کی تقریب اس بات کا عملی مظاہرہ ہے۔ان کا مزید کہنا تھا کہ پارٹی کی تنظیمی مضبوطی اور عوام دوست اقدامات کے باعث آنے والے دنوں میں عوام کی اکثریت پاکستان پیپلز پارٹی کو پسند کرے گی اور پارٹی پنجاب میں ایک مؤثر سیاسی کردار ادا کرے گی ۔انہوں نے مزید کہا کہ اٹک کی پارٹی قیادت مرکزی قائدین کی راہنمائی میں پاکستان پیپلز پارٹی کے جیالوں اور کارکنوں کے مسائل کو حل کرنے کی جدو جہد کر رہی ہے اور عوامی فلاح و بہبود ہمارا اولین مقصد ہے۔

بقیہ ''عوامی دنیا'' 31

نوجوانوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے بہار کی رنگینی اور پتنگ سازی کے ثمرات نوجوانوں تک پہنچانے کے لیے مشروط اجازت دی ہے۔نوجوانوں کو صرف اپنا شوق پورا کرنا چاہیے۔کیمیکل زدہ ڈور جو معصوم لوگوں کے گلوں میں پھر کر انہیں زخمی کرتی ہے ایسی ڈور کے استعمال سے گریز کرنا چاہیے۔سید ایوب بخاری نے کہا کہ اگر پنجاب حکومت نے نوجوانوں کے شوق اور پرانی ثقافت کو بحال کرنے کی اجازت دی ہے تو عوام کو بھی حکومت کا ساتھ دینا چاہیے جبکہ ڈور تیار کرنے والوں کو اپنے کاروبار کو مستقبل میں جاری رکھنے کے لیے گڈی ڈور کے شوقینوں کی خواہش کو پورا کر کے کیمیکل زدہ ڈور تیار کرنے کی بجائے حکومتی احکامات پر عمل درآمد کو یقینی بنائیں۔

بقیہ ''عوامی دنیا'' 32

بند کی گئی ہے جبکہ راولپنڈی میں الیکٹرک بس سروس بھی بند کر دی گئی ہے۔

بقیہ ''عوامی دنیا'' 33

مداحوں نے جوڑے کو دل کی گہرائیوں سے مبارکباد دی ہے اور ہم دعا گو ہیں کہ یہ نیا سفر ان کے لیے خوشیوں، محبت اور کامیابی سے بھرپور رہے۔دعوت ولیمہ پر زاہد ناگرا ملک عابد علی عوان، مومن خان پٹھان رانا عدنان زرگر نے شرکت کی

بقیہ ''عوامی دنیا'' 34

نہر نہ ہوسکا۔بچے کی نعش گھر پہنچی تو ماں کو غشی کے دورے پڑتے رہے اور ہر آنکھ اشکبار ہے۔جبکہ گذشتہ صبح ڈیرہ امیر افضل کا 27 سالہ محمد زبیر موٹر سائیکل پر جارہا تھا کہ جی ٹی روڈ میونسپل کمیٹی دفتر کے نزدیک مچھر ریڑھا کی ٹکر لگنے سے وہ شدید زخمی ہوگیا۔جسے تشویشناک حالت کے پیش نظر ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر اسپتال گوجرانوالہ منتقل کیا گیا جہاں پر وہ دم توڑ گیا۔جبکہ ٹبہ محمد نگر کا 65 سالہ محمد خطیب تولیکی روڈ سے پیدل گذر رہا تھا کہ تیز رفتار کار نے اسے ٹکر ماردی جس کے نتیجے میں وہ زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے موقع پر ہی جانبحق ہوگیا۔حادثات کے بعد کار ڈرائیور اور مچھر ریڑھا چلانے والا شخص فرار ہونے میں کامیاب ہوگئے۔

بقیہ ''عوامی دنیا'' 35

بندش کے دوران 65 فیصد کام مکمل کرلیا گیا ہے ہیڈ چھناواں سے منسلک نہری نظام اور شاہراہات کے لیے متوازن سسٹم متعارف کرایا گیا ہے ایکسین محکمہ انہار چوہدری عدیل انجم کی گفتگو وزیر آباد کے دونوں صوبائی پی پی 36 اور پی پی 35 اور این اے 66 کے بیشتر علاقوں پر مشتمل 8 اضلاع کے مابین نزدیکی بین الاضلاعی بڑی سڑک وزیر آباد کوٹ ہرا کے وسط میں انگریز سرکار کے برصغیر پاک وہند میں دور حکومت میں تعمیر کیا گیا ہیڈ چھناواں پل جو آمدورفت کے لیے کمزور ترین ڈکلیئر کیا گیا تھا 2015 میں شروع کی گئی ہیڈ چھناواں پل سمیت وزیر آباد کوٹ ہرا سڑک کی کشادگی اور تعمیر نو کے تیسرے فیز کا عرصہ دراز سے کنٹریکٹر کی طرف سے ادھورا چھوڑ دیا گیا ہیڈ چھناواں پل کے دونوں اطراف 22 سو فٹ سے زائد حصہ اور خطرناک پل کی تعمیر ومرمت کے لیے مقامی لوگوں کے احتجاج اور میڈیا میں مسلسل نشاندہی کے بعد محکمہ ہائی وے نے کنٹریکٹر کو ادھورا چھوڑ دیا گیا حصہ تعمیر کرنے پر مجبور کیا اور مقامی میڈیا کی مسلسل نشاندہی اور وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کے کمپلینٹ سیل میں اندراج شکایات پر پنجاب حکومت نے نئے محفوظ اور مضبوط نہر لوئر چناب کے ہائی وے پل کی تعمیر شروع کر دی گئی سائیٹ انچارج محمد رضوان نے بتایا کہ ڈیکیٹل نظام بیس ہیڈ چھناواں پل پر دورائیہ کارپٹ سڑک تعمیر کی جائے گی جس سے دیرینہ آمدورفت ذرائع بہترین ثابت ہوں گے مقامی شہریوں رانا خورشید احمد خاں چوہدری قیصر اقبال وڑائچ رانا سلطان احمد سید دلدار حسین شاہ ملک حضور الحسن رانا محمد ایوب نمبردار نے نئے پل کی تعمیر شروع کرنے پر حکومت پنجاب اور محکمہ ہائی وے حکام کو زبردست خراج تحسین پیش کیا ہے۔

بقیہ ''عوامی دنیا'' 36

کے اہلخانہ سے دلی ہمدردی وافسوس کا اظہار کیا انہوں نے کہا کہ حملہ آور انسانیت کے دشمن اور کسی رعایت کے مستحق نہیں ہیں شہریوں اور عبادت گاہوں کے خلاف دہشت گردی اور انھیں نشانہ بنانا ناقابل قبول

روزنامہ ''عوامی دنیا'' گوجرانوالہ

ہے ان کا مزید کہنا تھا کہ ہماری ہمدردیاں متاثرین، ان کے اہلِ خانہ اور متاثر ہونے والے تمام افراد کے ساتھ ہیں۔

بقیہ ''عوامی دنیا'' 37

سے کہا کہ وہ امن و بھائی چارے کے فروغ میں پولیس کے ساتھ مکمل تعاون جاری رکھیں اور کسی بھی مشکوک سرگرمی کی فوری اطلاع متعلقہ پولیس حکام کو دیں، انہوں نے واضح کیا کہ ضلع بھر میں امن وامان کے قیام اور شہریوں کے جان ومال کے تحفظ کے لیے اٹک پولیس ہر ممکن اقدامات کر رہی ہے۔

بقیہ

سپر ٹیکس کی وصولی آسان اور مرحلہ وار بنائی جائے

جی سی سی آئی

سپر ٹیکس سے متعلق سپریم کورٹ آف پاکستان کا فیصلہ اپنی جگہ انتہائی اہمیت کا حامل ہے تاہم موجودہ معاشی حالات میں کئی سالوں کا ٹیکس ایک ساتھ ادا کرنا صنعتکاروں کیلئے ممکن نہیں رہا صدر چیمبر

صنعتکار پہلے ہی ری فنڈز میں تاخیر 'بلند پیداواری لاگت 'توانائی کے بحران اور شدید مالی دباؤ کا شکار 'ان کی مشکلات کو مدنظر رکھ کر ادائیگی کے طریقہ کار میں نرمی اور سہولت فراہم کی جائے' علی ہمایوں بٹ

گوجرانوالہ (سٹاف رپورٹر) چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری نے حکومت پاکستان سے مطالبہ کیا ہے کہ سپر ٹیکس کی وصولی یکمشت کرنے کے بجائے صنعتکاروں کو اقساط میں ادائیگی کی سہولت فراہم کی جائے تاکہ کاروباری برادری کو ریلیف مل سکے 'اس حوالے سے صدر گوجرانوالہ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری علی ہمایوں بٹ نے کہا کہ سپر ٹیکس سے متعلق سپریم کورٹ آف پاکستان کا فیصلہ اپنی جگہ انتہائی اہمیت کا حامل ہے تاہم موجودہ معاشی حالات میں کئی سالوں کا ٹیکس ایک ساتھ ادا کرنا صنعتکاروں کیلئے ممکن نہیں رہا انہوں نے واضح کیا کہ تاجر اور صنعتکار ٹیکس دینے سے انکاری نہیں بلکہ وہ قومی معیشت میں اپنا بھرپور کردار ادا کرنا چاہتے ہیں مگر حکومت کو چاہیے کہ کاروباری برادری کی مشکلات کو مدنظر رکھتے ہوئے ادائیگی کے طریقہ کار میں نرمی اور سہولت فراہم کرے صدر چیمبر کا کہنا تھا کہ صنعتکار پہلے ہی ری فنڈز میں تاخیر 'بلند پیداواری لاگت 'توانائی کے بحران اور شدید مالی دباؤ کا سامنا کر رہے ہیں اور ایسے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 25)

پاکستانی شوبز کی دنیا سے ایک خوشگوار خبر سامنے آئی ہے

یہ شادی کی تقریب صفدر آباد میں نہایت شاندار انداز میں منعقد ہوئی

صفدر آباد (محمد اکبر شاہ) جہاں قریبی دوستوں اور شوبز کی نمایاں شخصیات نے شرکت کی۔ اس خوشی کے موقع پر تقریب میں خصوصی طور پر صابر حسین گھمن، محسن بن پرویز، ملک افضل مانی، رانا مختار احمد زرگر، جنید سمیت دیگر معروف مہمان بھی موجود تھے۔ مہمانوں نے نوبیاہتا جوڑے کے لیے نیک تمناں کا اظہار کیا اور ان کے نئے سفر کی کامیابی کے لیے دعائیں کیں۔ حمزہ ڈوگر کی شادی کی یہ تقریب نہ صرف شوبز انڈسٹری بلکہ مداحوں کے لیے بھی خوشی کا پیغام لے کر آئی ہے۔ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 33)

مختلف واقعات میں کمسن بچہ سمیت تین افراد جاں بحق

حادثات کے بعد کار ڈرائیور اور ٹرکچر ریڑھا چلانے والا شخص فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے

کاموں کے (رانا محمد ناصر سے) مختلف واقعات میں کمسن بچہ سمیت تین افراد جاں بحق تفصیل کے مطابق۔ صفائی کمپنی اور میونسپل کمیٹی کے آفیسران کی نااہلی کی وجہ سے کاموں کے شہر کی نالیوں کی صفائی نہ ہونے کی وجہ نالیوں کی گہرائی کافی زیادہ ہو چکی ہے گذشتہ روز عبداللہ روڈ کے محنت کش محمد انور کا 2 سالہ بیٹا اسماعیل گھر کے باہر کھیلتے ہوئے اچانک نالی میں گر گیا۔ کچھ دیر بعد اہلخانہ نے اسے نالی سے نکال کر تشویشناک حالت کے پیش نظر تحصیل ہیڈ کوارٹر اسپتال پہنچایا لیکن وہ جا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 34)

سردار سلیم حیدر خان کی زیر سرپرستی نہ صرف اس طرح کے فلاحی اقدامات کو فروغ دیا جا رہا ہے

بلکہ پنجاب بھر میں پاکستان پیپلز پارٹی کی تنظیم نو کا عمل بھی کامیابی سے مکمل کیا گیا ہے، راجہ محمد اسلم جرال

اٹک (راضی خان سے) پاکستان پیپلز پارٹی سویڈن یورپ کے رہنما راجہ محمد اسلم جرال نے اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ فتح جنگ میں منعقد ہونے والی اجتماعی شادیوں کی پروقار اور باوقار تقریب پاکستان پیپلز پارٹی کی عوام دوست پالیسیوں کا واضح ثبوت ہے اور یہ تقریب بالخصوص گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان کی بہترین کاوشوں کا نتیجہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ سردار سلیم حیدر خان کی زیر سرپرستی نہ صرف اس طرح کے فلاحی اقدامات کو فروغ دیا جا رہا ہے بلکہ پنجاب بھر میں پاکستان پیپلز پارٹی کی تنظیم نو کا عمل (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 30)

علاقہ مکینوں اور ہزاروں مسافروں کی آمدورفت کیلئے وبال جان بنا نہر لوئر چناب کے ایکسپائر بوسیدہ اور خطرناک ہیڈ چھناواں پل کی جگہ نیا پل بنا دیا گیا

وزیر آباد (ڈسٹرکٹ رپورٹر) علاقہ مکینوں اور ہزاروں مسافروں کی آمدورفت کیلئے وبال جان بنا نہر لوئر چناب کے ایکسپائر بوسیدہ اور خطرناک ہیڈ چھناواں پل کی جگہ نیا بنایا جانے والا ڈیجیٹل نظام سے منسلک پل زرعی ضروریات اور آمدورفت اہلی سکولز کو مدنظر رکھ کر اسد اینڈ کمپنی نے 2 ارب روپے کی لاگت سے تین ماہ کی قلیل مدت میں تیار کیا جانا ہے نہر لوئر چناب کی سالانہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 35)

پنجاب حکومت کی جانب سے قصور میں پتنگیں اور ڈور تیار کرنے کے مشروط حکم کو یقینی بنانے کیلئے عملی اقدامات کیے جا رہے ہیں، سید ایوب بخاری

قصور (محمد فیاض سندھو) پنجاب حکومت کے وژن اور ڈپٹی کمشنر قصور محمد آصف رضا کی ہدایت پر پنجاب حکومت کی جانب سے قصور میں پتنگیں اور ڈور تیار کرنے کے مشروط حکم کو یقینی بنانے کے لیے عملی اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ حکومتی ہدایت کو نظر انداز کر کے کیمیکل زدہ ڈور تیار کرنے والوں کے خلاف قانون حرکت میں آئے گا۔ ان خیالات کا اظہار ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل قصور سید ایوب بخاری نے ڈور تیار کرنے والوں کی چیکنگ کے دوران ڈور ساز اور پتنگ بازی کے شوقین (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 31)

راولپنڈی ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کے ورکرز نے چار روزہ تعطیلات کے دوران بھی صفائی کے عمل کو بھرپور انداز میں جاری رکھا اور شہر کو زیرو ویسٹ رکھنے کے لیے فیلڈ میں مسلسل موجود رہے

اٹک (راضی خان سے) راولپنڈی ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کے ورکرز نے چار روزہ تعطیلات کے دوران بھی صفائی کے عمل کو بھرپور انداز میں جاری رکھا اور شہر کو زیرو ویسٹ رکھنے کے لیے فیلڈ میں مسلسل موجود رہے، تعطیلات، رش اور تفریحی مقامات پر غیر معمولی ہجوم کے باوجود صفائی کے مثالی انتظامات کیے گئے، وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے وژن اور ستھرا پنجاب پروگرام کے تحت راولپنڈی ویسٹ مینجمنٹ کمپنی نے شہر بھر میں خصوصی صفائی آپریشن کیا، سی ای او آر ڈبلیو ایم سی رانا ساجد صفدر کے احکامات کے مطابق ورکرز نے بازاروں، تفریحی مقامات، رہائشی علاقوں او (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 27)

تھانہ ایمن آباد واقعے سٹی ہاؤسنگ سوسائٹی میں معروف بزنس مین کے گھر کروڑوں روپے کی چوری

چور 7 کروڑ روپے مالیت کے 118 تولے زیورات، 2 کروڑ 40 لاکھ روپے نقدی نامعلوم چرا کر لے گئے

ایمن آباد (نمائندہ خصوصی) تھانہ ایمن آباد واقعے سٹی ہاؤسنگ سوسائٹی میں معروف بزنس مین کے گھر کروڑوں روپے کی چوری چور 7 کروڑ روپے مالیت کے 118 تولے زیورات، 2 کروڑ 40 لاکھ روپے نقدی نامعلوم چرا کر لے گئے، تفصیل کے مطابق سٹی ہاؤسنگ سوسائٹی کے رہائشی تانبے کے تاجر وسیم اقبال بٹ نے تاجیکی تاجر، گزشتہ روز اپنی فیملی کے ہمراہ بیٹی کی شادی تقریب میں شرکت کیلئے گھر سے نکلے تو اس کے کچھ ہی دیر کے نامعلوم چور گھر میں داخل ہوئے اور اہلخانہ کی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 26)

شاہ پور شہر سے سرگودھا الیکٹرک بس تحصیل شاہ پور عوام کا حق ہے

ان روٹس پر الیکٹرک بس سروس دی جائے، شہریوں کا مطالبہ

جھاوریاں سرگودھا (بیورو رپورٹ) شاہ پور شہر سے سرگودھا الیکٹرک بس تحصیل شاہ پور عوام کا حق ہے ہم ارباب اقتدار سے مطالبہ کرتے ہیں کہ ان روٹس پر الیکٹرک بس سروس دی جائے اب اپنے حق کے لئے عوامی عدالت میں احتجاج صوبائی محتسب کی عدالت میں انسانی حقوق کی عدالت ہر ابشن اختیار کریں گے ہمارا حق ہم سے کیوں چھینا جا رہا ہے عوام کی آواز وزیر اعلیٰ پنجاب (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 29)

اسلام آباد راولپنڈی میں چلنے والی میٹرو بس سروس مکمل بند

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) اسلام آباد راولپنڈی میں چلنے والی میٹرو بس سروس مکمل بند کر دی گئی۔ میٹرو بس حکام نے کہا کہ میٹرو بس سروس صدر اسٹیشن تا پاک سیکرٹریٹ تک بند کی گئی ہے۔ ضلعی انتظامیہ کی ہدایات پر میٹرو بس سروس (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 32)

اسلام آباد کے علاقہ ترلائی کلاں میں امام بارگاہ میں خودکش حملہ سفاکیت کی انتہا ہے

یہ بزدلانہ اور دہشت گردانہ کارروائی ہے جس کی جتنی مذمت کی جائے کم ہے، بریگیڈیئر سردار عاصم نواز خان



اٹک (راضی خان سے) اسلام آباد کے علاقہ ترلائی کلاں میں امام بارگاہ میں خودکش حملہ سفاکیت کی انتہا ہے ان خیالات کا اظہار رہنما پی پی پی، سابق امیدوار پنجاب اسمبلی بریگیڈیئر سردار عاصم نواز خان نے میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے کیا، انہوں نے کہا کہ یہ بزدلانہ اور دہشت گردانہ کارروائی ہے جس کی جتنی مذمت کی جائے کم ہے، بے گناہ نمازیوں کی شہادت اور زخمیوں کے لئے دل بہت رنجیدہ ہے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 28)

سرگودھا: تھانہ کڑانہ پولیس کی کارروائی

راہزنی، نقب زنی اور چوری کی وارداتوں میں ملوث 2 رکنی گینگ گرفتار

شاہپور صدر سرگودھا (راجہ فیاض) سرگودھا: تھانہ کڑانہ پولیس کی کارروائی۔ راہزنی، نقب زنی اور چوری کی وارداتوں میں ملوث 2 رکنی گینگ گرفتار سرگودھا: ڈی ایس پی صدر قیصر عباس گجر کی سربراہی میں ایس ایچ او کڑانہ محمد عمران نے ٹیم کے ہمراہ کارروائی کرتے ہوئے راہزنی، چوری اور نقب زنی کی وارداتوں میں ملوث 2 رکنی گینگ کو گرفتار کر لیا جس کے قبضہ سے لاکھوں روپے مالیت کا مال مسروقہ برآمد کر لیا گیا ہے، گرفتار ملزمان بلال اور ابوبکر کے خلاف قانونی کارروائی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 38)

اسلام امن بھائی چارے اور محبت کا درس دیتا ہے، علامہ محمد آصف ہزاروی

انسانیت کے تحفظ اور انسانوں کے حقوق کا سب سے بڑا علمبردار ہے، علامہ عارف ہزاروی

وزیر آباد (ڈسٹرکٹ رپورٹر) معروف مذہبی اسکالر پروفیسر علامہ محمد آصف ہزاروی، علامہ عارف ہزاروی نے کہا ہے کہ اسلام امن بھائی چارے اور محبت کا درس دیتا ہے انسانیت کے تحفظ اور انسانوں کے حقوق کا سب سے بڑا علمبردار ہے اسلام کے نام پر دہشت گردی پھیلانے والوں اور انسانیت کے دشمنوں کا اسلام سے کوئی تعلق واسطہ نہیں دہشت گرد عناصر اور تکفیری گروہ اسلام کا تشخص خراب نہیں کر سکتے وہ معروف سماجی شخصیت مظفر بٹ کے ہاں عشائیہ پر گفتگو کر رہے تھے انہوں نے اسلام آباد میں جمعہ کے اجتماع میں خودکش دھماکہ کی مذمت کی اور شہید ہونے والے معصوم لوگوں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 36)

مرکزی جامع مسجد تعمیر اخلاق آبادی مہر لال حسین تعمیر اخلاق روڈ میں شب برات کے بابرکت موقع پر محفل توبہ کا انعقاد کیا گیا

گوجرانوالہ (سٹاف رپورٹر) مرکزی جامع مسجد تعمیر اخلاق آبادی مہر لال حسین تعمیر اخلاق روڈ میں شب برات کے بابرکت موقع پر محفل توبہ کا انعقاد کیا گیا، جس میں خطیب اسلام، مقرر شیریں بیان، عالم باعمل اور ترجمانِ حقیقت علامہ محمد مطیع اللہ نقشبندی نے خصوصی خطاب کیا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 46)

دہشت گردوں کا نہ کوئی مذہب اور نہ ہی کوئی دین ہے

امام بارگاہ میں جب لوگ نماز جمعہ کی ادائیگی میں مصروف تھے، چودھری حامد ناصر چٹھہ

وزیر آباد (ڈسٹرکٹ رپورٹر) سابق اسپیکر قومی اسمبلی چودھری حامد ناصر چٹھہ نے امام بارگاہ ترلائی اسلام آباد میں نماز جمعہ کے وقت خودکش حملہ کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ دہشت گردوں کا نہ کوئی مذہب اور نہ ہی کوئی دین ہے مسجد اور نمازیوں پر حملہ کرنے اور کروانے والوں کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے یہ ایک بہت بڑا سانحہ ہے یہ پاکستان کے مخالفین دشمنان اسلام اور امن کے دشمنوں کا گھناؤنا فعل ہے سانحہ ترلائی کے شہیدوں کے اہل خانہ کے ساتھ انکے غم (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 48)

ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اٹک سردار موار ہن خان کی زیر صدارت امن کمیٹی کے ممبران سے اہم میٹنگ

میٹنگ میں اسسٹنٹ کمشنر اٹک اور امن کمیٹی کے معزز ممبران نے شرکت کی

اٹک (راضی خان سے) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اٹک سردار موار ہن خان کی زیر صدارت امن کمیٹی کے ممبران سے اہم میٹنگ تفصیلات کے مطابق ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اٹک سردار موار ہن خان کی زیر صدارت ڈی پی او آفس اٹک میں امن کمیٹی کے ممبران کے ساتھ ایک اہم میٹنگ کا انعقاد کیا گیا، میٹنگ میں اسسٹنٹ کمشنر اٹک اور امن کمیٹی کے معزز ممبران نے شرکت کی، میٹنگ کے دوران موجودہ سکیورٹی خدشات کے پیش نظر مساجد، امام بارگاہوں اور دیگر حساس مقامات کی سکیورٹی صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ڈی پی او اٹک سردار موار ہن خان نے امن کمیٹی کے ممبران (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 37)

ایکوئیل ویلفیئر آرگنائزیشن کا اجتماعی شادی پروگرام غریب و مستحق خاندانوں کی خوشیوں کو دوبالا کرنے میں معاون بن رہا ہے، محمد اشفاق چیمہ

وزیر آباد (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ایکوئیل ویلفیئر آرگنائزیشن کا اجتماعی شادی پروگرام غریب و مستحق خاندانوں کی خوشیوں کو دوبالا کرنے میں معاون بن رہا ہے، محمد نصیر آسی مرحوم کے لگائے ایکوئیل ویلفیئر آرگنائزیشن کے پودے کو مرحوم کے ساتھی آبیاری کر رہے ہیں، ہر سال مستحق، نادار خاندانوں کی بچیوں کو نکاح جیسی عظیم سنت کے ذریعے رخصتی کی جاتی ہے۔ ان خیالات کا اظہار محمد اشفاق چیمہ اوورسیز چیئرمین ایکوئیل ویلفیئر آرگنائزیشن نے ایکوئیل ویلفیئر آرگنائزیشن کے ماہانہ اجلاس میں کیا۔ اجلاس میں صدر میر آصف محمود، صوفی محمد اقبال آرائیں، ملک (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 39)

سید اعجاز حسین بخاری ایڈووکیٹ نے معصوم نمازیوں کی شہادت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا

یہ بزدلانہ اور غیر انسانی کارروائی نہ صرف معصوم شہریوں پر حملہ ہے

اٹک (راضی خان سے) پاکستان تحریکِ انصاف (پی ٹی آئی) کے رکن پنجاب اسمبلی برائے اٹک، سید اعجاز حسین بخاری ایڈووکیٹ نے معصوم نمازیوں کی شہادت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا اور اس واقعے کو انسانیت پر براہِ راست حملہ اور شہریوں کے تحفظ میں انتظامیہ کی سنگین ناکامی قرار دیا، جمعہ کے روز اٹک میں اپنی رہائش گاہ پر صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ یہ بزدلانہ اور غیر انسانی کارروائی نہ صرف معصوم شہریوں پر حملہ ہے بلکہ ملک کے امن، اتحاد اور مذ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 40)

شہر کی تعمیر و ترقی تجارتی حلقوں کا حقوق کا تحفظات ترجیحات میں مقدم ہے

شیخ بابر کھرانہ

سیالکوٹ روڈ کی کشادگی کے نام پر چھوٹی دکانیں ختم نہ کی جائیں 'الفتح گراؤنڈ میں پی ایچ اے کی طرف سے بننے والی دکانوں پر تحفظات دور ہیں 'پرانی مچھلی منڈی کے تاجروں کا مسئلہ سنجیدگی کا طلبگار 'صدر مرکزی انجمن تاجران

امید ہے ضلعی انتظامیہ تاجروں کے مسائل پر ہمدردانہ سنجیدگی سے غور اور ان کے حل کیلئے اقدامات کرے گی 'جم خانہ میں منعقدہ اجلاس میں شیخ افضل جج 'حمود الرحمٰن خان 'چودھری غلام صابر 'ملک ذوالفقار بھٹو اور دیگر کی شرکت

گوجرانوالہ (سٹاف رپورٹر) شہر کی تعمیر و ترقی "تاجروں کے مسائل کا حل اور ان کے حقوق کا تحفظ اولین ترجیح ہے۔ ان خیالات کا اظہار صدر مرکزی انجمن تاجران شیخ بابر کھرانہ نے جم خانہ کلب میں مقامی کے تاجروں کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا جس میں شہری مسائل اور ان مسائل کے فوری حل کیلئے اہم فیصلے کئے گئے اجلاس میں سیالکوٹ روڈ کو کشادہ کرنے کے نام پر کے دکانداروں کو درپیش مسائل "الفتح گراؤنڈ پیپلز کالونی اور پچھلی منڈی سابق پرانی منڈی کے مسائل کو احسن طریقے سے حل کرنے کے حوالے سے گفتگو کی گئی۔ شیخ بابر کھرانہ نے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 45)

مقامی صنعتوں کے فروغ اور بے روزگاری کے خاتمے کیلئے نوجوانوں کو انڈسٹری کی ضرورت کے مطابق تربیت فراہم کی جا رہی ہے تاکہ ہنرمند اور باوقار روزگار کے مواقع پیدا کیے جا سکیں، بریگیڈیئر (ر) محمد سجاد کھوکھر ستارہ امتیاز

وزیر آباد (ڈسٹرکٹ رپورٹر) چیئرمین ٹیکنیکل ایجوکیشن اینڈ ووکیشنل ٹریننگ اتھارٹی پنجاب بریگیڈیئر (ر) محمد سجاد کھوکھر ستارہ امتیاز نے کہا ہے کہ وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کے وژن کے مطابق مقامی صنعتوں کے فروغ اور بے روزگاری کے خاتمے کے لیے نوجوانوں کو انڈسٹری کی ضرورت کے مطابق تربیت فراہم کی جا رہی ہے تاکہ ہنرمند اور باوقار روزگار کے مواقع پیدا کیے جا سکیں انہوں نے ان خیالات کا اظہار وزیر آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے دورے کے موقع پر منعقدہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا اس موقع پر صدر وزیر آباد چیمبر آف (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 49)

اہلیان سکھو مہیاں کا دیرینہ مطالبہ پورا ہو گیا

سکھو مہیاں دوکلو میٹر روڈ کا شاندار افتتاح

ٹیکسلا (نمائندہ خصوصی) اہلیان سکھو مہیاں کا دیرینہ مطالبہ پورا ہو گیا، سکھو مہیاں دوکلو میٹر روڈ کا شاندار افتتاح وزیر مملکت قانون و انصاف بیرسٹر عقیل ملک، ضلعی صدر مسلم لیگ ن حاجی ملک عمر فاروق نے اپنے ہاتھوں سے فیتا کاٹ کر کیا۔ اس شاندار افتتاح سے سکھو مہیاں کے لوگوں کا دیرینہ مطالبہ پورا ہوا افتتاحی تقریب ملک شاہد شوکت کے ڈیرے پر منعقد ہوئی، اس افتتاحی تقریب میں اہل علاقہ نے بڑی تعداد میں شرکت کی، پانچ کروڑ روپے کی لاگت سے تعمیر ہونے والا یہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 43)

مریم نواز کا بسنت پر ایس او پیز پر عملدرآمد کے لیے اہل لاہور کو خراج تحسین

لاہور (نیوز ڈیسک) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز نے بسنت پر حفاظتی ایس او پیز پر عملدرآمد یقینی بنانے پر اہل لاہور کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز نے اپنے پیغام میں کہا خوشی ہے کہ لاہور والوں نے ہمارے اعتماد کی لاج رکھی، میں بہت خوش ہوں، الحمدللہ لاہو (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 41)

امت محمد الرسول اللہ ﷺ مخلوق خدا کی بھلائی کیلئے پیدا کی گئی ہے، امیر عبدالقدیر اعوان

آج بحیثیت مجموعی امت کا جو کردار ہے وہ اخلاقی طور پر لین دین کے اعتبار سے باقی دیگر امور میں کیسا ہے

ٹیکسلا (نمائندہ خصوصی) امت محمد الرسول اللہ ﷺ مخلوق خدا کی بھلائی کیلئے پیدا کی گئی ہے۔ امیر عبدالقدیر اعوان۔ آج بحیثیت مجموعی امت کا جو کردار ہے وہ اخلاقی طور پر لین دین کے اعتبار سے باقی دیگر امور میں کیسا ہے ہم سب اگر اپنا جائزہ لیں تو سمجھ آ جائے گی کہ ہم مخلوق کی بھلائی کر رہے ہیں یا نقصان پہنچا رہے ہیں۔ ہم تو اپنے والدین، اولاد اور عزیز و اقارب کے ساتھ بھی بھلائی نہیں کر رہے۔ اسلام ہمیں سلام کرنے میں پہل کرنے کا ارشاد فرماتا ہے اور ہم کہتے کوئی بلائے گا تو جواب دے دیں گے اگر وہ سلام نہیں لیتا تو میں کیوں لوں۔ ایک والدین کی اولاد چند ٹکوں کی زمین (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 51)

افغانستان میں متحرک دہشتگرد تنظیمیں پوری دنیا کے لیے خطرہ ہیں، بلال اظہر کیانی

لاہور (نیوز ڈیسک) وزیر مملکت خزانہ بلال اظہر کیانی نے کہا ہے کہ افغانستان میں 20 سے زیادہ دہشت گرد تنظیمیں کام کر رہی ہیں جو پاکستان کے ساتھ ساتھ پوری دنیا کے لیے خطرہ ہیں، ہر ریاست کو حق ہے کہ اپنے تحفظ کے لئے ہر ممکن اقدام کرے، پاکستان اب سخت اقدامات کر رہا ہے۔ ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ حکومت طالبان سے ہر ممکن حد تک ڈپلومیسی سے معاملات طے کرنے کی کوشش کرتی رہی، پاکستان کا موقف تھا کہ افغانستان کی زمین دہشتگردوں کے لئے استعمال نہ ہو گی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 50)

واسا کی ناقص پالیسی اور نااہلی کے باعث شہر میں سرکاری پانی کی عدم دستیابی کا بحران پیدا ہو گیا

ضلعی انتظامیہ اور منتخب نمائندوں نے بھی چپ سادھ لی جبکہ شہری سراپا احتجاج بن گئے

قصور (محمد فیاض سندھو) واسا کی ناقص پالیسی اور نااہلی کے باعث شہر میں سرکاری پانی کی عدم دستیابی کا بحران پیدا ہو گیا۔ شہر کے مختلف علاقوں کی سرکاری ٹربائنوں کا شیڈول ٹائم کم کرنے سے کئی علاقوں تک تقریباً ایک ماہ سے پانی نہیں پہنچ رہا اور شہری شدید (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 42)

مولانا محمد ابراہیم محمدی کی صاحبزادی کی شادی مولانا عطا اللہ ورک کے صاحبزادے انعام الرحمٰن ورک کیساتھ بخیر و بخوبی سرانجام پائی

وزیر آباد (ڈسٹرکٹ رپورٹر) معروف عالم دین خطیب جامع مسجد مثانیہ مولانا محمد ابراہیم محمدی کی صاحبزادی کی شادی مولانا عطا اللہ ورک کے صاحبزادے انعام (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 53)

ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ، چوتھے میچ میں نیوزی لینڈ نے افغانستان کو شکست دیدی

چنئی (نیوز ڈیسک) ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ کے چوتھے میچ میں نیوزی لینڈ نے افغانستان کو شکست دے دی۔ گروپ ڈی کا یہ میچ بھارتی شہر چنئی میں کھیلا گیا جس میں افغانستان نے ٹاس جیتا، پہلے بیٹنگ کرتی ہوئے افغان ٹیم نے مقررہ 20 اوورز میں 6 وکٹوں کے نقصان پر 182 رنز بنائے۔ جواب میں کیویز نے 183 رنز کا ہدف 18 ویں اوور میں حاصل کر لیا۔ نیوزی لینڈ کی جانب سے ٹم سائفرٹ 65، گلین فلپس 42 رنز کے ساتھ نمایاں رہے۔ چنئی: ڈیرل مچل 25 اور مچل سینٹنر 17 رن بنا کر ناٹ آؤٹ رہے واضح رہے کہ ٹورنامنٹ میں 20 ٹیموں کو چار گروپوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔ ایونٹ کے پہلے روز 3 میچز ہوئے، پاکستان ٹیم نے گروپ اے میں اپنا پہلا میچ نیدرلینڈز کے خلاف کھیلا جس میں پاکستان کو فتح ہوئی

دو موٹر سائیکل آپس میں ٹکرا گئے

ایک ہلاک تین شدید زخمی حالت میں گوجرانوالہ ریفر

وزیر آباد (محمد شبیر) دو موٹر سائیکل آپس میں ٹکرا گئے۔ ایک ہلاک تین شدید زخمی حالت میں گوجرانوالہ ریفر۔ جی ٹی روڈ دھونکل کے قریب دو موٹر سائیکل آپس میں ٹکرا گئے جسکے نتیجہ میں وزیر آباد کے رہائشی زوہیب ولد امانت، واجد ولد ارشد۔ دھونکل کے رہائشی شایان ولد وقاص۔ اسد اللہ ولد وقاص زخمی ہو گئے جن کو طبی امداد کے بعد گوجرانوالہ ریفر کر دیا گیا جبکہ اسد اللہ زخموں کی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 52)

ضرورت نمائندگان
عوامی دنیا NEWS HD
کو اپنی بڑھتی ہوئی سرکولیشن کے پیش نظر
ملک بھر سے
بیورو چیف، ڈسٹرکٹ رپورٹر، تحصیل رپورٹر، نامہ نگار
نمائندہ خصوصی، سٹی رپورٹر، اور کورٹس رپورٹر کی ضرورت ہے
نمائندگان اس نمبر پر رابطہ کریں
0322-8882222
صحافت کا تجربہ رکھنے والے افراد رابطہ کریں۔